Email- info@awamilalkaar.com
MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified
روزنامہ
Daily Awami Lalkaar
راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم
جلد 14
ہفتہ، 12 اگست 2023ء، 24 محرم الحرام 1445ھ، قیمت 20 روپے
شمارہ 108

مجھے خوشی ہے پاکستان میں اقلیتوں کو آئین پاکستان میں ضمانت کردہ تمام سیاسی، معاشی اور سماجی حقوق حاصل ہیں، عارف علوی

اسلام ہمیں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور برابری کا درس دیتا ہے، صدر مملکت

صدر مملکت نے مذہبی سکالرز، میڈیا سے اپیل کی کہ وہ معاشرے کو اقلیتوں کے حقوق بارے آگاہ کریں اور ملک میں محبت، رواداری، بھائی چارے اور اتحاد کے کلچر کو فروغ دیں

امید ہے اجتماعی کوششوں سے مضبوط وخوشحال پاکستان بنائیں گے جہاں ہر فرد کو ترقی کی منازل طے کرنے، صلاحیتیں ملکی ترقی کے لئے استعمال کرنے کا موقع میسر ہوگا، اقلیتوں کے دن پر پیغام

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) صدر عارف علوی نے کہا ہے کہ اسلامی تعلیمات ہمیں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، لوگوں میں برابری کا درس دیتی ہیں، امید ہے اجتماعی کوششوں سے مضبوط وخوشحال پاکستان بنائیں گے جہاں ہر فرد کو ترقی کی منازل طے کرنے، صلاحیتیں ملکی ترقی کے لئے استعمال کرنے کا موقع میسر ہوگا۔ اقلیتوں کے دن پر اپنے پیغام میں صدر عارف علوی نے کہا کہ ہر سال 11 گست کا دن پاکستان میں اقلیتوں کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے، آج کے اس پرمسرت دن کے موقع پر میں قوم کی تعمیر کے عمل میں اقلیتوں کے اہم کردار کو اجاگر کرنا چاہتا ہوں، ہم ملکی ترقی میں اقلیتوں کے کردار کا اعتراف کرتے ہیں اور انہیں اس پر سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے پاکستان میں اقلیتوں کو آئین پاکستان میں ضمانت کردہ تمام سیاسی، معاشی اور سماجی حقوق حاصل ہیں، آئین تمام شہریوں کو مذہبی عقائد یا نسل سے قطع نظر سیاسی، معاشی اور سماجی حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت مسلمان ہم اسلام کی ان تعلیمات سے متاثر ہیں جو ہمیں متنوع معاشرے میں ہم آہنگی، اتحاد کے جذبے کے فروغ کیلئے اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ، تمام لوگوں کے درمیان برابری کا درس دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے مسلسل کوششیں کی ہیں جن میں سرکاری ملازمتوں میں 5 فیصد کوٹہ اور پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں ان کے لئے الگ (3بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد یوم آزادی پر ہارن اور باجے کے استعمال پر پابندی عائد

ضلعی انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ اور رولرزون کی مختلف علاقوں میں کارروائیاں بھی کی گئیں، ذرائع

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں یوم آزادی کے موقع پر ہارن اور باجے کے استعمال پر پابندی عائد کردی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق 14 اگست کے موقع پر اسلام آباد میں ہارن اور باجے کے استعمال پابندی ہوگی، سڑکوں پر ہارن (3بقیہ نمبر 4)

پارلیمان کے اختیارات میں مداخلت اچھی روایت نہیں، اعظم نذیر تارڑ

پارلیمان کے اختیارات میں بار بار مداخلت اچھی روایت نہیں، یہ اداروں کو مضبوط نہیں کمزور کرتی ہے، لیگی رہنماء

اسلام آباد (خبرنگار) ن لیگی رہنما اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پارلیمان کے اختیارات میں بار بار مداخلت اچھی روایت نہیں، یہ ادارواں کو مضبوط نہیں کمزور کرتی ہے۔ ن لیگی رہنما اعظم نذیر تارڑ نے دنیا نیوز نے گفتگو میں سپریم کورٹ کے فیصلے پر ردعمل دیتے (3بقیہ نمبر 3)

لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ کا پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم

خیال رہے کہ عدالت نے 3 ایم پی او آرڈر معطل کر کے 57 پی ٹی آئی کارکنان کو رہا کرنے کا حکم دیا تھا

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ نے تحریک انصاف کے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا۔ ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بنچ کے حکم پر احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کی جانب سے (3بقیہ نمبر 2)

سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری اپنے پیغام میں شہباز شریف نے لکھا کہ غیر مسلم پاکستانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ملک کی سماجی واقتصادی ترقی میں اقلیتوں کے کردار کو سراہتے ہیں

اقلیتوں کے بغیر پاکستان کا تصور نامکمل ہے

شہباز شریف

سابق صدر نے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد سیاسی پارٹی ہے جو ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کرتی رہی ہے، ملک کے ہر شہری کو جمہوریت کو مضبوط اور مستحکم کرنے کے لئے کردار ادا کرنا ہوگا

سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ بھی آئین کی پاسداری ہے، غیر مسلم شہریوں کے حقوق و بہبود کے حوالے سے بھی پیپلز پارٹی نے جو قانون سازی اور عملی اقدامات کیے ہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے اقلیتوں کے بغیر پاکستان کا تصور نامکمل ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر جاری اپنے پیغام میں شہباز شریف نے لکھا کہ غیر مسلم پاکستانیوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی میں اقلیتوں کے کردار کو سراہتے ہیں۔ وزیراعظم نے لکھا کہ اقلیتوں کے بغیر پاکستان کا تصور نامکمل ہے اور پاکستانی قومیت میں اقلیتوں کا بہت اہم حصہ ہے۔ آصف زرداری دوسری جانب اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ملک کے تمام شہریوں کی نمائندہ جماعت ہے۔ سابق صدر نے کہا کہ پیپلز پارٹی واحد سیاسی پارٹی ہے جو ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ کرتی رہی ہے، ملک کے ہر شہری کو جمہوریت کو مضبوط اور مستحکم کرنے کے لئے کردار ادا (3بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم کے تقرر کے معاملے پر مشاورت کے لیے وزیراعظم شہباز شریف نے اتحادی اور پی ڈی ایم جماعتوں کا اہم اجلاس آج طلب کرلیا

سابق صدر پاکستان جنرل (ر) ضیاء الحق کا 99 واں یوم پیدائش آج منایا جائیگا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق صدر پاکستان جنرل (ر) ضیاء الحق کا 99 واں یوم پیدائش آج 12 اگست بروز ہفتہ کو منایا جائیگا سابق صدر کے یوم پیدائش کے سلسلہ میں مسلم لیگ (ضیاء) (3بقیہ نمبر 6)

تمام اقلیتوں کو ان کے آئینی حقوق دینے کے لئے پرعزم ہیں

تمام اقلیتوں کو ان کے آئینی حقوق دینے کے لئے پرعزم ہیں، راجہ پرویز اشرف کا پیغام

اسلام آباد (نامہ نگار) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے ملک میں بسنے والی تمام اقلیتوں کے قومی تعمیر وترقی میں نمایاں کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ تمام اقلیتوں کو ان کے آئینی حقوق دینے کے لئے پر عزم ہیں۔ یہ بات انہوں نے اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر کہی جو ہر سال (3بقیہ نمبر 7)

Chief Guest
Syed Mohsin Raza Naqvi
(Caretaker Chief Minister, Punjab)
PRIZE DISTRIBUTIO
CEREMONY

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن رضا نقوی کے ہمراہ میٹرک میں پنجاب بھر کے تعلیمی بورڈز میں پہلی پوزیشن لینے والی ملتان کی ہونہار طالبہ عائشہ شوکت اوراس کے والد کا گروپ فوٹو

پاکستان کی ترقی وخوشحالی میں اقلیتوں کا اہم کردار ہے، محسن نقوی

قومی دن پر اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ ہمارا دین اور آئین ہمیں سب کے ساتھ اعلی سلوک روا رکھنے کا درس دیتا ہے

ملکی تعمیر وترقی میں اقلیتوں کا کردار نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، پنجاب حکومت امتیازی سلوک کے خاتمے، سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے کوشاں ہے

لاہور (نامہ نگار) نگران وزیراعلی محسن نقوی نے کہا ہے کہ اقلیتوں کا پاکستان کی ترقی، خوشحالی میں اہم کردار ہے۔ اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن پر اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ ہمارا دین اور آئین ہمیں سب کے ساتھ اعلی سلوک روا رکھنے کا درس دیتا ہے، بابائے قوم قائد اعظم نے بھی (3بقیہ نمبر 14)

سپریم کورٹ ریویو آف ججمنٹس اینڈ آرڈرز قانون 2023 کالعدم قرار

تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا جو 87 صفحات پر مشتمل ہے، متفقہ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ پارلیمنٹ ایسی قانون سازی کا اختیار نہیں رکھتا

کسی بھی قانون کو کالعدم قرار دینے کے اختیار کو انتہائی احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے اور ایک قانون کو اس وقت کالعدم قرار نہیں دینا چاہیے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ نے ریویو آف ججمنٹس اینڈ آرڈرز قانون 2023 کالعدم قرار دے دیا جبکہ جسٹس منیب اختر کا اضافی نوٹ بھی متفقہ فیصلے کا حصہ ہے۔ عدالت نے تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا جو 87 صفحات پر مشتمل ہے، متفقہ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ پارلیمنٹ ایسی قانون (3بقیہ نمبر 8)

پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کینال روڈ ایکسپریس وے پر مردہ مرغیاں

سپلائی کرنے والا لوڈر رکشہ کے ڈرائیور کو گرفتار کر کے 11 سو کلوگرام مردہ مرغیاں برآمد کر لیں

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کینال روڈ ایکسپریس وے پر مردہ مرغیاں سپلائی کرنے والا لوڈر رکشہ کے ڈرائیور کو گرفتار کر کے 11 سو کلوگرام مردہ مرغیاں برآمد کر لیں، (3بقیہ نمبر 15)

لاہور: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی خطاب کر رہے ہیں

شہریار آفریدی کی گرفتاری کیخلاف کیس کیلئے نیا بینچ تشکیل

چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق نے کیس جسٹس بابر ستار کو بھجوا دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریار آفریدی کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف کیس کیلئے نیا بینچ تشکیل دے دیا۔ تحریک انصاف کے رہنما شہریار آفریدی (3بقیہ نمبر 16)

گورنر خیبر پختونخوا نے نگران وزراء اور مشیروں کیا استعفے منظور کر لئے کابینہ تحلیل

نگران وزیر اعلی محمد اعظم خان نے گورنر کو سمری ارسال کی تھی، گورنر کی جانب سے استعفے منظوری کے بعد کابینہ تحلیل ہو گئی

نگران وزیر اعلی محمد اعظم کو 25 کابینہ اراکین کے استعفے موصول ہوئے تھے، جس پر انہوں نے سمری گورنر خیبر پختونخوا کو بھیج دی تھی

پشاور (خصوصی رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے نگران وزرا اور مشیروں کے استعفے منظور کر لئے۔ خیبر پختونخوا کے نگران وزیراعلی محمد اعظم خان نے گورنر کو سمری ارسال کی تھی، گورنر کی جانب سے استعفے منظوری کے بعد کابینہ تحلیل ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق نگران کابینہ تحلیل ہونے کا نوٹیفکیشن چیف سیکرٹری جاری کرے گا۔ یاد رہے کہ نگران وزیراعلی محمد اعظم کو 25 کابینہ اراکین کے استعفے موصول ہوئے تھے، جس پر انہوں نے سمری گورنر خیبر پختونخوا کو بھیج دی تھی۔ گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے نگران وزرا اور مشیروں کے استعفے منظور کرلئے۔ خیبر پختونخوا کے نگران وزیراعلی محمد اعظم خان نے گورنر کو سمری ارسال کی تھی، گورنر کی جانب سے استعفے منظوری کے بعد کابینہ تحلیل ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق نگران کابینہ تحلیل ہونے کا نوٹیفکیشن چیف سیکرٹری جاری (3بقیہ نمبر 13)

پاکستان کا 76 واں جشن آزادی 14 اگست روایتی جوش وخروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائیگا

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کا 76 واں جشن آزادی 14 اگست پیر کو روایتی جوش وخروش اور ملی جذبہ کے ساتھ منایا جائے گا جشن آزادی کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں تقریبات منعقد ہوں گی۔ دن کا آغاز مساجد میں تحریک آزادی کے شہداء کیلئے قرآن خوانی سے ہوگا جبکہ ملک وقوم کی سلامتی، ترقی وخوش حالی اور وطن کی حفاظت کیلئے سرحدوں پر تعینات (3بقیہ نمبر 12)

ٹریفک پولیس کی عدم توجہی تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کے باہر رکشہ سٹینڈ قائم

ایمبولینسز اور مریضوں کو شدید دشواری کا سامنا شہریوں کا سی ٹی او راولپنڈی سے نوٹس لینے مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کے مین گیٹ پر رکشہ سٹینڈ قائم جس کے باعث ایمبولینسز اور مریضوں کو شدید دشواری کا سامنا جبکہ ریلوہ روڈ چوک میں تعینات (3بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد کیپیٹل ایڈمنسٹریشن ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا قیام

خواجہ کاشف سمیت دیگر ایمپلائز یونینز کی طرف سے نو منتخب باڈی کو مبارکباد پیش کی گئی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد کیپیٹل ایڈمنسٹریشن ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا قیام اسلام آباد کیپیٹل ایڈمنسٹریشن ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے الیکشن کے بعد کامیاب ہونے والے ایگزیکٹو باڈی عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا۔ جس کے مطابق ملک زبیر اعوان صدر، نعمان ناظم (3بقیہ نمبر 10)

آئندہ عام انتخابات کے انعقاد میں کم از کم 6 ماہ کی تاخیر کا خدشہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) آئندہ عام انتخابات کے انعقاد میں کم از کم 6 ماہ کی تاخیر کا خدشہ ہے۔ الیکشن کمیشن کی قانونی ٹیم نے نئی حلقہ بندیاں کرانے کی تجویز دے دی۔ ذرائع الیکشن کمیشن کا کہنا ہے کہ آئین کے تحت نئی مردم شماری کے بعد حلقہ بندیاں ناگزیر ہیں۔ الیکشن کمیشن قانونی ٹیم کی تجویز (3بقیہ نمبر 17)

اسلام آباد: ن لیگی رہنما اعظم نذیر تارڑ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

جو اللہ کو منظور ہوا اسحاق ڈار کا نگران وزیراعظم بننے سے متعلق سوال کا جواب

ملک ڈیفالٹ کے قریب پہنچ چکا تھا، اتحادی حکومت نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، اسحاق ڈار

کسی بھی غلط فیصلے سے سب کچھ ختم ہوسکتا ہے، نگران حکومت ایسی ہو جو پالیسیوں کا تسلسل جاری رکھے، سابق وزیر خزانہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار سے صحافی نے سوال کیا کہ کیا آپ نگران وزیراعظم بن رہے ہیں جس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ جو اللہ کو منظور ہوا۔ اسحاق ڈار نے صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک ڈیفالٹ کے قریب پہنچ چکا تھا، اتحادیوں (3بقیہ نمبر 11)

9 مئی، 14 مارچ واقعات کے ملزمان کی گرفتاریوں کیلئے کریک ڈاؤن دوبارہ شروع

لاہور کی 1082، پنجاب بھر میں 4082 مفرور ملزمان کی فہرستیں مرتب کر لی گئیں' پولیس ذرائع

پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ، ملزمان کے گھروں میں ریڈ اور جدید ٹیکنالوجی سے گرفتاریوں کی حکمت عملی تیار کر لی گئی

لاہور (خبرنگار) نومئی اور چودہ مارچ کے واقعات کے ملزمان کی گرفتاریوں کے لئے دوبارہ کریک ڈاؤن شروع کر دیا گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق پولیس نے لاہور کے 1082 پنجاب بھر میں 4082 مفرور ملزمان کی فہرستیں مرتب کر لی گئیں۔ ملزمان کے گھروں میں ریڈ اور جدید ٹیکنالوجی (3بقیہ نمبر 18)

بشریٰ بی بی کی مبینہ ڈائری کے معاملے پر حماد اظہر کا ردعمل

جے گل بی بی دی ڈائری تے آ گئی اے تے فیر صلح ہی کرلو پٹھان دے نال۔ پی ٹی آئی رہنما کا ٹویٹ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) بعض ٹی وی چینلز کی جانب سے رپورٹ کیا گیا تھا کہ بشریٰ بی بی کی ایک ڈائری سامنے آئی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ عمران خان تمام کام اہلیہ کے مشوروں سے کرتے تھے۔ ڈائری کے مطابق عمران خان بشریٰ بی بی کے احکامات پر چلتے تھے۔ میڈیا رپورٹس میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا کہ بشریٰ بی بی عمران خان کو بتاتی تھیں کہ پی ٹی آئی کی سیاسی حکمت عملی کس وقت اور کیا ہوگی۔ کون کیسے عدلیہ، فوج اور حکومت پر پریشر ڈالے گا؟۔ اگر گورنر راج لگائیں تو قانونی ٹیم اور شہر بند کرنے کی تیاری اور پہیہ جام ہڑتال کی جائے۔ مبینہ ڈائری میں کہا گیا کہ بہتر یہ ہے کہ بڑے بڑے وکیلوں سے بیان (3بقیہ نمبر 21)

پنجاب: میٹرک کے سالانہ امتحانات میں لڑکیاں لڑکوں سے آگے

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب کے 9 بورڈز کے میٹرک کے سالانہ امتحانات 2023 میں لڑکیوں نے میدان مار لیا ہے۔ کھیتی باڑی کرنے والا لڑکا بھی پوزیشن لے گیا۔ والدین خوشی سے نہال ہوگئے، نگران وزیراعلی کہتے ہیں طلبہ جم کر پڑھائی کریں اور ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیں۔ پنجاب (3بقیہ نمبر 23)

پشاور: گورنر خیبر پختونخوا نے نگران وزرا اور مشیروں کیا استعفے منظور کر لئے، کابینہ تحلیل

لاہور، نیشنل کالج آف آرٹس میں یوم آزادی کی تقریبات کا آغاز

لاہور (نیوز رپورٹر) نیشنل کالج آف آرٹس نے یوم آزادی کو منانے کے لیے این سی اے لاہور، راولپنڈی اور اسلام آباد میں متعدد سرگرمیوں کا اہتمام کیا ہے جو 14 اگست تک جاری رہیں گی۔ ترجمان کے مطابق ان تقریبات کا آغاز جمعہ کو شجر کاری (3بقیہ نمبر 24)

جسٹس منیب اختر کا سپریم کورٹ کے تفصیلی فیصلے میں اضافی نوٹ

پارلیمان کی سادہ قانون سازی سے سپریم کورٹ رولز کو غیر موثر نہیں کیا جا سکتا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سپریم کورٹ نے سپریم کورٹ ریویو آف آرڈرز اینڈ ججمنٹس ایکٹ کا تحریری حکمنامہ جاری کر دیا، سپریم کورٹ کا تحریری فیصلہ 87 صفحات پر مشتمل ہے۔ چیف (3بقیہ نمبر 25)

فیصل آباد، مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاجی دھرنا کا چوتھا روز

تاجر راہنماؤں اور مختلف مارکیٹس کے عہدیداران کی شرکاء سے اظہار یکجہتی

فیصل آباد (جنرل رپورٹر) مہنگائی کے خلاف چوک گھنٹہ گھر میں جماعت اسلامی کے احتجاجی دھرنا کے چوتھے روز بزرگ تاجر راہنما شاہد رزاق سکا دیگر تاجر راہنماؤں اور مختلف مارکیٹس کے عہدیداران کے ہمراہ دھرنے کے شرکاء سے اظہار یکجہتی کیلئے گھنٹہ گھر پہنچے جبکہ انجینئر عظیم رندھاوا، ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ، میدواران جماعت اسلامی پی پی 108 زفر ادریس (3بقیہ نمبر 22)

اوکاڑہ میں عوام الناس میں ہیلمٹ تقسیم کرنے کیلئے خصوصی کیمپ لگایا گیا

اوکاڑہ (سٹی رپورٹر) آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور کے وژن کے مطابق اور ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ، ریجنل پولیس افیسر ساہیوال محبوب رشید، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ کیپٹن ریٹائرڈ منصور امان اور عابد صغیر ڈی ٹی (3بقیہ نمبر 20)

یوم آزادی شایان شان طریقے سے منائی جائے گی، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

کیک کٹنگ، پرچم کشائی، سرکاری عمارتوں اور اہم چوکوں پر چراغاں اور تعلیم سمیت

مختلف شعبہ زندگی میں کارہائے نمایاں انجام دینے والے افراد میں ایوارڈز تقسیم کیے جائیں گے

سیالکوٹ (اسپیشل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ عدنان محمود اعوان نے کہا ہے کہ 76 ویں یوم آزادی شایان شان طریقے سے منائی جائے گی۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر سیالکوٹ سمیت تینوں تحصیلوں میں آزادی نائٹ پر آتش بازی، قوالی، میوزیکل پروگرام، کیک کٹنگ، پرچم کشائی، سرکاری عمارتوں (3بقیہ نمبر 19)

PDM نے عوام کی تکلیف میں اضافہ کیا، حکومت کے خاتمے پر مبارکباد دیتا ہوں

سراج الحق

مہنگائی کے اثرات کئی عشروں تک رہیں گے، گزشتہ 5 سال جنہوں نے حکومت کی انہوں نے مہنگائی میں اضافہ کیا

پچھلے 5 سال میں مہنگائی کی شرح میں شدید اضافہ کیا گیا، شاہد خاقان عباسی نے اعتراف کیا کہ اسمبلی کے خاتمے سے عوام کو نجات مل گئی

لاہور: چیئرمین پی ٹی آئی کی 7 مقدمات میں عبوری ضمانت کی درخواستیں مسترد

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی اور سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے آنے سے عوام کی تکلیف میں اضافہ ہوا ہے۔ پریس کانفرس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ مہنگائی کے اثرات کئی عشروں تک رہیں گے، گزشتہ 5 سال جنہوں نے حکومت کی انہوں نے مہنگائی میں اضافہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ کیا ملک پر قرضوں کا بوجھ کم ہوا، کیا خواتین کا تحفظ، سود کا خاتمہ، سیلاب زرگان کی بحالی اور کشمیر کی آزادی پر کام ہوا؟ کیا گزشتہ حکومتیں اشرافیہ کی مراعات اور غربت میں کمی لائیں؟۔ سراج الحق نے کہا کہ پچھلے 5 سال میں مہنگائی کی شرح میں شدید اضافہ کیا گیا، شاہد خاقان عباسی (3بقیہ نمبر 26)

پسند کی شادی کرنے پر نوجوان لڑکی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا

زمین کے تنازع پر سگے چچا نے فائرنگ کر کے بھتیجے کو ابدی نیند سلا دیا

تھانہ جاتلی کی حدود قبائلی علاقے کے مناظر پیش کرنے لگی 48 گھنٹوں میں 5 قتل

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سرکل گوجرخان کے تھانہ جاتلی کی حدود قبائلی علاقے کے مناظر پیش کرنے لگی لاقانونیت عروج پر گزشتہ 48 گھنٹوں کے دوران غیرت کے نام اور زمین جائیداد کے تنازع پر 5 افراد قتل علاقے کی فضا سوگوار امن و امان کی ناقص صورتحال کی بنا پر (3بقیہ نمبر 27)

لیڈی ریڈنگ ہسپتال انتظامیہ کا 14 اگست جوش وخروش سے منانے کا فیصلہ

ہسپتال ڈائریکٹر نے 14 اگست کی تقریبات کو حتمی شکل دینے کے لیے ہدایات جاری کردی ہیں

ہمیشہ کی طرح اس دفعہ بھی ایل آر ایچ میں جشن آزادی کو جوش وجذبے سے منایا جارہا ہے، ہسپتال ڈائریکٹر

پشاور (جنرل رپورٹر) پشاور کی لیڈی ریڈنگ ہسپتال کی انتظامیہ نے 14 اگست کو جوش وخروش سے منانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت نمایاں کارکردگی دکھانے والے عملے کو اعزازی اسناد سے نوازا جائے گا۔ ایل آر ایچ کے ترجمان محمد عاصم کے مطابق ہسپتال ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد ابرار خان نے 14 اگست کی تقریبات کو حتمی شکل دینے کے لیے ہدایات جاری کردی ہیں اور متعلقہ ڈیپارٹمنٹس کو نمایاں کارکردگی کے حامل کلاس فور، سیکیورٹی اور دیگر ذیلی سٹاف کے ناموں کو فائنل کرنے کا بھی کہا ہے تاکہ ان (3بقیہ نمبر 28)

امین ٹاؤن میں فیصل آباد کالج آف لاء کا اکاؤنٹنٹ طلبہ کی 80 لاکھ کی فیسیں لیکر رفو چکر ہو گیا

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد امین ٹاؤن میں فیصل آباد کالج آف لاء کا اکاؤنٹنٹ طلبہ کی 80 لاکھ کی فیسیں لیکر رفو چکر ہو گیا، پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے 408 ت پ کے تحت مقدمہ درج کر کے اکاؤنٹنٹ طیب کی تلاش (3بقیہ نمبر 29)

ہری پور، بدبخت باپ نے کلہاڑی کے وار کر کے اپنی 16 سالہ بیٹی کو قتل کردیا

ہری پور (جنرل رپورٹر) ہری پور میں بد بخت باپ نے کلہاڑی کے وار کر کے اپنی 16 سالہ بیٹی کو قتل کر دیا۔ ہری پور کے تھانہ کھلابٹ کی حدود کیمپ نمبر 16 میں اکبر دین نے اپنی جواں سالہ بیٹی ناہیدہ عمر 16 سال کو کلہاڑی کے وار کر کے قتل کر دیا ہے۔ ملزم جائے وقوعہ سے فرار ہو گیا ہے۔ وقوعہ کی (3بقیہ نمبر 31)

پاکستان کوسٹ گارڈ کی بلوچستان کے علاقہ وندر میں کارروائی، منشیات برآمد

معاشرے کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے میں ادارہ اپنا کردار ادا کرتا رہے گا

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) پاکستان کوسٹ گارڈز نے بلوچستان کے علاقے وندر میں کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں منشیات برآمد کرلی۔ ترجمان پاکستان کوسٹ گارڈز نے جمعہ کو جاری پریس ریلیز میں بتایا ہے کہ پاکستان کوسٹ گارڈز کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ وندر بلوچستان کے راستے بھاری مقدار میں منشیات سمگلنگ ہونے کا خدشہ ہے، جس کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈز نے متعلقہ کمانڈر کو اپنے علاقے میں چیکنگ سخت کرنے کے احکامات جاری کیے۔ دوران (3بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: مسلم لیگ ن کا 12 اگست کو مری میں ہونے والا یوتھ کنونشن ملتوی

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

عمران خان پانچ سال کے لیے نااہل

پاکستان الیکشن کمیشن نے تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کو توشہ خانہ کیس میں سزا کے بعد پانچ سال کے لیے نااہل قرار دے دیا ہے اور اس حوالے سے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو توشہ خانہ کیس میں اسلام آباد کی سیشن عدالت سے تین سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانہ کیا گیا تھا، جس کے بعد انہیں آئین کے آرٹیکل 63(1)H اور الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 232 کے تحت نااہل قرار دیا جاتا ہے، انہیں قومی اسمبلی کی نشست این اے 45 کرم 1 سے بھی ڈی نوٹیفائی کیا جاتا ہے۔ دوسری جانب سابق وزیراعظم عمران خان نے توشہ خانہ فوجداری کیس میں ٹرائل کورٹ سے سزا کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا ہے، عمران خان کی جانب سے بیرسٹر گوہر علی خان سمیت 15 وکلا کے ذریعے دائر اپیل میں کہا گیا ہے کہ ٹرائل کورٹ نے سزا سے قبل سنوائی کا مناسب وقت نہیں دیا، سماعت کے بعد 35 صفحات کا فیصلہ فقط 30 منٹ میں جاری کر دیا گیا، فیصلہ پہلے ہی سے تحریر شدہ تھا اور پانچ اگست کی سماعت محض آئی واش تھا۔ قبل ازیں تحریک انصاف نے سیشن جج ہمایوں دلاور کی جانب سے کیس قابل سماعت قرار دیئے جانے کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کیا تھا تاہم عدالت نے کیس کسی اور عدالت میں منتقل کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ سماعت ایڈیشنل سیشن جج ہی کریں گے۔ گزشتہ روز اسلام آباد ہائیکورٹ نے اٹک جیل سے اڈیالہ جیل منتقلی اور سہولیات کی فراہمی کی درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات ختم کرتے ہوئے درخواست کی سماعت کی۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت نے دیگر سات مقدمات میں چیئرمین پی ٹی آئی کی عبوری ضمانتوں میں 11 اگست تک توسیع کر دی ہے۔ تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو ہفتہ کے روز توشہ خانہ کیس میں تین سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی، فاضل جج نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ عمران خان نے توشہ خانہ سے تحالف لیے اور اپنے اثاثوں میں جعلی گوشوارے جمع کرائے۔ تحفوں کے حوالے سے جو دستاویزات دی گئیں وہ بھی غلط تھیں، جس سے ملزم کا ایماندار نہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔ عدالت کی جانب سے سزا سنائے جانے کے بعد پولیس نے خان صاحب کو گرفتار کر کے اٹک جیل منتقل کر دیا تھا۔ پی ڈی ایم سے تعلق رکھنے والے ارکان کی جانب سے پانچ اگست 2022 کو توشہ خانہ سے ملنے والے تحائف اثاثوں میں ظاہر نہ کرنے پر عمران خان کی نااہلی کے لیے ایک ریفرنس سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو بھیجا گیا تھا یہ ریفرنس سپیکر نے الیکشن کمیشن کو بھجوا دیا، جس کے بعد الیکشن کمیشن نے عمران خان کو دستاویزات فراہم کرنے کا حکم دیا۔ 21 اکتوبر کو الیکشن کمیشن نے فیصلہ سناتے ہوئے ان کے خلاف فوجداری کارروائی کے لیے ریفرنس عدالت میں بھیج دیا۔ پاکستان میں سیاست دانوں کی نااہلی کا معاملہ کوئی نیا نہیں ہے، ماضی میں متعدد سیاست دانوں کو بدعنوانی پر سزائیں ہوئیں، ذوالفقار علی بھٹو پھانسی چڑھے، یوسف رضا گیلانی توہین عدالت کی پاداش میں ایوانِ اقتدار سے نکالے گئے، تین بار وزیراعظم بننے والے نواز شریف کو اقامہ رکھنے کے الزام میں نہ صرف وزارتِ عظمی بلکہ جماعت کی قیادت سے بھی فارغ کیا گیا، ان پر تاعمر سیاست میں حصہ نہ لینے کی پابندی بھی لگادی گئی۔ نواز شریف کو سزا کے بعد اپیل کا حق بھی نہیں مل سکا، کہ انہیں سپریم کورٹ نے براہِ راست سزا دی تھی۔ عمران خان کی نااہلی کی مدت پانچ سال ہے تاہم انہیں نہ صرف اپیل کا حق حاصل ہے، بلکہ وہ اِس مقدمہ کو لے کر ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ تک جا سکتے ہیں، جس طرح پاکستان میں سیاست دانوں کو نااہل قرار دیا جاتا ہے، شاید اِس کی نظیر دوسرے ملکوں میں نہ ملے۔ جمہوری معاشروں میں سیاست دانوں کے احتساب کا سب سے معتبر ذریعہ انتخابات کو قرار دیا جاتا ہے، جہاں عوام کارکردگی کی بنیاد پر سیاست دانوں کا احتساب کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں سیاست دان خود ایک دوسرے کو کچلنے اور خود کو منوانے کے لیے کسی بھی سطح پر جانے کو تیار ہو جاتے ہیں اور پھر مکافات عمل کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔ یہ ایک اچھی بات ہے قومی اسمبلی تاعمر نااہلی جیسی سخت سزا کے حوالے سے قانون سازی کرنے میں کامیاب ہوئی اور سیاست دانوں کی تاعمر نااہلی کا باب بند ہو گیا۔ عمران خان اِس قانون کے پہلے بینیفشری ثابت ہو سکتے ہیں ان کے پاس نہ صرف دو اپیلوں کا حق ہے، بلکہ انہیں مکمل قانونی معاونت کے مواقع بھی حاصل ہیں۔ بہتر یہی ہوگا کہ وہ اپنی جنگ عدالتوں میں لڑیں اور خود کو بے گناہ ثابت کریں۔ تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو ہفتہ کے روز توشہ خانہ کیس میں تین سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی تھی، فاضل جج نے اپنے فیصلے میں کہا تھا کہ عمران خان نے توشہ خانہ سے تحالف لیے اور اپنے اثاثوں میں جعلی گوشوارے جمع کرائے۔ تحفوں کے حوالے سے جو دستاویزات دی گئیں وہ بھی غلط تھیں، جس سے ملزم کا ایماندار نہ ہونا ثابت ہوتا ہے۔ عدالت کی جانب سے سزا سنائے جانے کے بعد پولیس نے خان صاحب کو گرفتار کر کے اٹک جیل منتقل کر دیا تھا۔ پی ڈی ایم سے تعلق رکھنے والے ارکان کی جانب سے پانچ اگست 2022 کو توشہ خانہ سے ملنے والے تحائف اثاثوں میں ظاہر نہ کرنے پر عمران خان کی نااہلی کے لیے ایک ریفرنس سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو بھیجا گیا تھا یہ ریفرنس سپیکر نے الیکشن کمیشن کو بھجوا دیا، جس کے بعد الیکشن کمیشن نے عمران خان کو دستاویزات فراہم کرنے کا حکم دیا۔ 21 اکتوبر کو الیکشن کمیشن نے فیصلہ سناتے ہوئے ان کے خلاف فوجداری کارروائی کے لیے ریفرنس عدالت میں بھیج دیا۔ پاکستان میں سیاست دانوں کی نااہلی کا معاملہ کوئی نیا نہیں ہے، ماضی میں متعدد سیاست دانوں کو بدعنوانی پر سزائیں ہوئیں، ذوالفقار علی بھٹو پھانسی چڑھے، یوسف رضا گیلانی توہین عدالت کی پاداش میں ایوانِ اقتدار سے نکالے گئے، تین بار وزیراعظم بننے والے نواز شریف کو اقامہ رکھنے کے الزام میں نہ صرف وزارتِ عظمی بلکہ جماعت کی قیادت سے بھی فارغ کیا گیا، ان پر تاعمر سیاست میں حصہ نہ لینے کی پابندی بھی لگادی گئی۔

اسمبلی کی کہانی اسمبلی کی کہانی

نسیم شاہد

2018 میں قائم ہونے والی اسمبلی 2023 میں تحلیل ہو گئی۔ اس اسمبلی کے بارے میں شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے یہ بدترین اسمبلی تھی، جس کی کارکردگی صفر رہی۔ ہر اسمبلی کی کوئی نہ کوئی کہانی ہوتی ہے۔ یہ اسمبلی بھی اس سے خالی نہیں تھی۔ اس اسمبلی نے بہت سے سرد و گرم دیکھے، کتنے اتار چڑھا آئے، مگر پھر بھی یہ اپنی مدت پوری کر گئی۔ پاکستان میں اتنی تبدیلی تو آئی ہے کہ اب اسمبلیاں اپنی مدت پوری کرتی ہیں۔ اسمبلیاں تو مدت پوری کرنے لگی ہیں مگر ان کی کارکردگی زوال پذیر کیوں ہے؟ کوئی اس کا بھی جواب تلاش کرے۔ ہمیں آگے بڑھنا چاہیے ہم پیچھے چلے جاتے ہیں۔ 2018 میں جب یہ ختم ہونے والی اسمبلی قائم ہوئی تو معیشت کہاں تھی آج کہاں ہے؟ عام آدمی کی مشکلات کا گراف اس وقت کیا تھا آج کیا ہے، اسے ترقی تو نہیں کہا جا سکتا۔ پہلی بار یہ ہوا تھا کہ دو بڑی سیاسی جماعتوں کے مقابلے میں ایک تیسری جماعت تحریک انصاف اکثریت حاصل کر کے آگے آئی تھی، اس نے اتحادیوں سے مل کر حکومت بنائی اور بلند بانگ دعوے کئے۔ کہانی کا پرانا سکرپٹ اس طرح چلا کہ پہلے دن سے دھاندلی کے الزامات لگا کر اسمبلی کے خاتمے کا مطالبہ کر دیا گیا، نئے انتخابات کے لئے تحریک چلائی گئی۔ ریلیاں، لانگ مارچ، جلسے وہی ساری فلمیں جو ہماری سیاسی تاریخ میں چلتی رہی ہیں۔ عمران خان وزیراعظم بنے تو پہلی تقریر ہی میں اختلاف کی بنیاد رکھ دی، کسی سے مذاکرات نہ کرنے کی نوید سنائی اور کسی کو نہ چھوڑنے کا اعلان کیا حالانکہ آغاز پر یہ کہا جاتا ہے کہ جمہوریت کی خاطر سب کو ساتھ لے کر چلیں گے مگر اس اسمبلی کے تو پہلے اجلاس ہی سے مار دھاڑ کی بنیاد رکھ دی گئی جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ قانون سازی رک گئی کیونکہ جو اجلاس بھی ہوتا تھا، ہنگامے اور فساد کی نذر ہو جاتا تھا، اسمبلی کو اپنا کام کرتے رہنا چاہیے لیکن یہ اسمبلی عجیب قسم کے ماحول اور تنا کا شکار رہی۔ چونکہ اپوزیشن عددی لحاظ سے بھرپور تھی اس لئے اس نے اپنے وجود کو بھرپور طریقے سے منوایا۔ حالات اس قدر خراب ہو گئے کہ سابق وزیراعظم عمران خان کا اسمبلی میں آنا ممکن نہ رہا۔ دوسری طرف ان کا اپنا بھی یہ اعلان تھا کہ وہ اپوزیشن لیڈر شہباز شریف سے ملنا تو کجا ہاتھ تک نہیں ملائیں گے۔ یوں یہ اسمبلی حزب اقتدار اور حزب اختلاف کے درمیان ایک گہری خلیج کی حامل رہی۔ اپنی مدت پوری کرنے والی اس اسمبلی نے عوامی مفاد میں کتنا کام کیا، اس بارے میں کھوج لگانے کی کوشش کی جائے تو شاید کچھ بھی نہ ملے۔ تحریک انصاف اپنے دور میں آرڈیننسوں سے کام چلاتی رہی۔ اسمبلی کو اس نے بھی ربڑ اسٹیمپ کے طور پر استعمال کیا۔ ارکان اسمبلی کی مراعات میں اضافہ ہوتا رہا مگر اس کا عوام کو فائدہ نہ ہو سکا۔ کوئی اصلاحاتی قانون سازی کی گئی اور نہ ہی عوامی مسائل کے حل کی خاطر اسمبلی نے کوئی کردار ادا کیا۔ اربوں روپے کے اخراجات اس کے اجلاسوں میں آئے تاہم یہ ملک میں ایک اچھی جمہوریت، ایک فلاحی مملکت کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہ کر سکی۔ دوسری طرف اس اسمبلی کے خلاف بھی برخواستگی کے مطالبے جاری رہے۔ نئے انتخابات کے لئے تحریکیں چلتی رہیں، دھاندلی کی پیداوار اور سلیکٹڈ اسمبلی کے طعنے دیئے جاتے رہے، کہنے کو قومی اسمبلی پانچ سال کے لئے قائم ہوتی ہے لیکن یہ صرف کاغذوں کی حد تک ہے، اس بات کو ہماری سیاسی جماعتیں تسلیم نہیں کرتیں، تاریخ اٹھا کے دیکھ لیں ابھی انتخابات پر گرد نہیں پڑی ہوتی کہ اسمبلی توڑ کر انتخابات کے مطالبے داغ دیئے جاتے ہیں۔ یہ ہے ہماری جمہوریت اور جمہوری روایات، ایسے میں استحکام کیسے آ سکتا ہے۔ یہ سلسلہ برسہا برس سے چل رہا ہے اور نجانے کب تک چلتا رہے گا، عوام کے دیئے ہوئے مینڈیٹ کو تسلیم کرنا ایک ایسی برائی سمجھی جاتی ہے جس پر کوئی عمل نہیں کرتا، یہ اسمبلی بھی اسی روایت کا شکار رہی، پہلے دن سے آخری دن تک اس پر بے یقینی کے سائے منڈلاتے رہے اور یہ اپنی سلامتی کی جنگ لڑتی رہی۔

اس اسمبلی کا دوسرا دور 9 اپریل 2022 کو شروع ہوا۔ پہلی بار ایک منتخب حکومت کو تحریک عدم اعتماد کے ذریعے ہٹایا گیا اور نئی حکومت معرضِ وجود میں آئی، بظاہر تو یہ ایک آئینی و جمہوری عمل تھا تاہم اس کے پس پردہ کہانیاں آج تک گردش کر رہی ہیں۔ اسمبلی میں تیرہ جماعتیں اکٹھی ہوئیں اور ایک اکثریتی جماعت کی حکومت کو نکال باہر کیا، ان تیرہ جماعتوں کو اکٹھا کس نے کیا، یہ بھی ایک پراسرار کہانی ہے، عمران خان کہتے ہیں اس کے پیچھے سابق آرمی چیف قمر جاوید باجوہ کا ہاتھ تھا۔ بہرحال حکومت بدل گئی، اسمبلی قائم رہی۔ پھر کہانی نے ایک اور موڑ لیا۔ حکومت گئی تو تحریک انصاف نے قومی اسمبلی سے اجتماعی استعفے دینے کا فیصلہ کر لیا، کہا جاتا ہے کہ تنہا عمران خان کا فیصلہ تھا جسے دیگر رہنماں کی تائید حاصل نہیں تھی۔

کوئی نیا آغاز ہو سکے گا؟

محمد معاذ قریشی

قومی وصوبائی اسمبلیوں کی آئینی میعاد پوری ہو رہی ہے اور ساتھ ہی حکومت کی مدت بھی لیکن آئندہ الیکشن کے بارے میں ابہام ابھی تک ختم نہیں ہوئے۔ لوگ اب بھی ایک دوسرے سے سوال کرتے نظر آتے ہیں کہ انتخابات ہوں گے یا نہیں اور اگر ہوئے تو کیا نتائج آئیں گے؟ کسی نئے دور کا آغاز ہو سکے گا یا جیسی بے ڈھنگی چال پہلے تھی آئندہ بھی رہے گی؟ قومی معیشت اور عوام کے حالات کچھ بہتر ہو سکیں گے یا لوگ پچھتر سالوں سے ہر دور حکومت میں جو امتحان دیتے رہے ہیں وہ پہلے ہی کی طرح جاری رہیں گے؟ ملک کسی حقیقی ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے گا یا ماضی کی طرح قرضے لے کر ہی گزارہ کرنا پڑے گا؟ ڈالر کا ریٹ اوپر جاتے تو سب نے دیکھا ساڑھے سات عشروں سے مسلسل دیکھ رہے ہیں۔ یہ گراف کبھی نیچے بھی آ سکے گا یا نہیں؟ یہ اور اسی طرح کے سینکڑوں سوالات لوگوں کے ذہنوں میں مسلسل کلبلا رہے ہیں لیکن انہیں ان سوالات کے جواب کہیں سے نہیں ملتے۔

نئے آغاز کی بات اس لئے کی کہ عوام سے ووٹ لینے کے لئے سیاسی جماعتیں شاندار منشوروں کا اعلان کرتی ہیں مگر ان پر کبھی دس فیصد بھی عمل نہیں کیا گیا۔ آزادی کے بعد سے آج تک یہ سلسلہ جاری ہے۔ نہ سیاسی جماعتوں کا منشور بدلا اور نہ ہی سیاست دانوں کی جانب سے عوام کو بہلانے کا سلسلہ رک سکا۔ پون صدی ہونے کو آئی ہر پارٹی کے منشور اور ہر سیاست دان کی زبان پر ایک ہی طرح کے دعوے اور وعدے سننے میں آ رہے ہیں کہ عوام اگر موقع دیں تو معیشت مستحکم کر دیں گے غربت کا خاتمہ ہو جائے گا پاکستان کو ایشیا کا ٹائیگر بنا دیں گے پاکستان کو ایک صنعتی ملک بنا دیا جائے گا زرعی ترقی کا خواب پورا ہونے والا ہے وغیرہ وغیرہ۔ کچھ دعوے تو سبھی پارٹیوں کے منشور کا حصہ بننے کا شرف حاصل کرتے ہیں جیسے برسرِ اقتدار آ کر کشمیر کو آزاد کرایا جائے گا لوگوں کو انصاف ان کے گھر کی دہلیز پر ملے گا تعلیم اور علاج معالجہ کی سہولتیں ہر شہری کو مفت اور وافر میسر ہوں گی مہنگائی پر کنٹرول کر کے ہر شہری کی زندگی آسان بنائی جائے گی۔ ایک پارٹی ہر مرتبہ روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ لگاتی ہے۔ یہ پارٹی کئی بار برسر اقتدار رہی مگر حالت یہ ہے کہ لاکھوں بلکہ کروڑوں لوگ آج بھی روٹی سے محروم ہیں کپڑے اور مکان کی باری تو اس کے بعد آتی ہے۔ ایک سیاسی پارٹی نے پچھلے انتخابات سے قبل 50 لاکھ مکانات تعمیر کرنے ایک کروڑ نوکریاں پیدا کرنے اور تین سو نئے ڈیم بنانے کا وعدہ کیا تھا۔ ایک بھی پورا نہیں ہوا۔ ملک اور عوام کا مستقبل سنوارنے کا دعوی کرنے والوں نے لوگوں کو روزی روٹی کے معاملات میں کچھ اس طرح الجھا دیا ہے کہ وہ کچھ اور سوچنے اور سمجھنے کے قابل ہی نہیں رہے۔ بدقسمتی سے آج تک مفاد پرست سیاست دانوں کو لوٹ مار کے لئے میدان کھلا ملا ہے۔ وہ عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوتے ہیں لیکن ایم این اے یا ایم پی اے بن جانے کے بعد ان کے منہ سے کبھی عوام کے مفادات کی بات سننے میں نہیں آتی۔ ہمارے عوام بھی بڑے بھولے ہیں ہر بار نام نہاد اور خوش نما سیاسی وعدوں جنہیں سیاسی جھانسے کہنا زیادہ مناسب لگتا ہے میں آ جاتے ہیں اور ان سیاست دانوں یا سیاسی جماعتوں کو ووٹ دے بیٹھتے ہیں جنہوں نے قسم اٹھا رکھی ہے کہ بس اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرنا ہے عوام کے بارے میں نہیں سوچنا۔ عوام نے سیاست دانوں سے کبھی نہیں پوچھا کہ تعلیم، صحت، انصاف تحفظ، میرٹ اور معیار جن کی فراہمی کے وہ وعدے کرتے رہے ہیں کہاں ہیں؟ معیشت اگر پچھتر برسوں میں مستحکم نہیں ہو سکی تو اب کیسے ہو سکے گی؟ قرضوں پر ترقی کی بنیاد رکھنے والوں سے کیسے توقع کی جا سکتی ہے کہ وہ ملک کو حقیقی ترقی اور استحکام کی منزل کی طرف لے جائیں گے؟

شاید ان بے وفائیوں اور اس عدم توجہی کا ہی نتیجہ ہے کہ عوام کی اکثریت اب ووٹ ڈالنے کے لئے گھر سے ہی نہیں نکلتی، لوگوں کو اپنے مسائل کا حل چاہیے جو انہیں اب تک نہیں ملا۔ عوام کی بہت بڑی تعداد باشعور ہو چکی ہے۔ لوگ بغیر کسی وجہ کے ہی طرز سیاست سے نالاں نہیں ہیں اس کی درجنوں بلکہ سینکڑوں وجوہات ہیں۔ ان سے ان کے ووٹوں سے بننے والی ان کی حکومت قائم کرنے کے وعدے کئے گئے جس میں وہ اپنے فیصلے خود کرنے کے قابل ہوں (یعنی جمہوری حکومت) لیکن حقیقی جمہوریت کبھی نہیں ملی۔ ان کے منتخب نمائندے بغیر مطالعہ کئے بغیر سوچے سمجھے ایک ایک دن میں درجنوں قوانین منظور کرتے ہیں۔ کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ آج اگر ہمارا ملک گوناگوں مسائل کا شکار ہے تو اس کی وجہ ایسی ہی عجلت میں کی گئی قانون سازیاں بھی ہیں؟

ان سب خامیوں خرابیوں اور ناکامیوں کے باوجود ایک امید قائم ہے کہ ممکن ہے اس بار ملک اور عوام کی حالت بدل جائے۔ سب سے پہلے یہ کہ ملک میں عام انتخابات بروقت ہونے چاہئیں۔

معدنیات کو ترقی کا زینہ بنانے کا عزم

پرواز

راؤ محمد طاہر

raotahirisb@gmail.com

پاک فوج کے سربراہ جنرل سید عاصم منیر نے پاکستان منرلز سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے ملک میں معدنی خزانوں کے بارے میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے اس سے کوئی بھی ذی شعور پاکستانی انکار نہیں کر سکتا۔ سپہ سالار کا کہنا تھا ہماری سرزمین بہت سی معدنیات سے مزین ہیں اور اس صلاحیت کو مکمل طریقے سے استعمال میں لانے کے لئے بیرونی سرمایہ کاروں کو دعوت دیتے ہیں کہ پاکستان میں چھپے خزانوں کی دریافت میں اپنا کردار ادا کریں۔۔ قرآن پاک کی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سور رحمان میں اللہ رب العزت نے فرمایا ہے کہ اور تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے 'اللہ ان کی مدد کرتا ہے جو خود اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔ ہمارے پاس بہت سے قدرتی منرلز ہیں اگر ہم نے انہیں دریافت نہیں کیا تو یہ ہمارا قصور ہے اب ہم نے جو انیشی ایٹو لیا ہے اس کو چھوڑنا نہیں ہے، ہمیں ملک کی ترقی کے لئے مل کر آگے بڑھنا ہے۔ معدنیاتی منصوبے عوام کی ترقی کا زینہ ہیں۔ ہم مل کر محنت کر کے ملک کو درپیش مشکلات سے نکالیں گے 'اللہ تعالی کامیابی دے گا' ہم مقامی ریڈ ٹیپ ازم اور بیورو کریٹک رکاوٹوں سے نکلنا چاہتے ہیں۔ بیرونی سرمایہ کار اس اعتماد کے ساتھ یہاں آئیں کہ فوری فیصلے ہوں گے ان کا سرمایہ ضائع نہیں ہوگا ان کی مائننگ لائسنسنگ میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہوگی ان کا کہنا تھا کہ اگر ہمارا یہ مشترکہ عزم رہا تو پھر آسمان کی بلندیاں ہماری حد اور اس کی وسعتیں ہماری منتظر ہیں ہم ایسے سرمایہ کار دوست نظام کو یقینی بنائیں گے جس میں آسان شرائط ہوں اور غیر ضروری التوا سے بچا جا سکے 'ہم آہنگی 'ثابت قدمی اور امید کے ذریعے موجودہ چیلنجوں پر قابو پا لیں گے۔ پاکستان منرلز سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے سعودی عرب کے نائب وزیر کان کنی خالد صالح المظفر کا کہنا تھا کہ سعودی حکومت پاکستان کے ساتھ معدنیات کے شعبے میں تعلقات بڑھانے کی خواہاں ہے 'سعودی عرب اس شعبے میں سرمایہ کاری کرے گا۔ اللہ تعالی نے پاکستان کو وہ سب کچھ دیا ہے، جس کی کسی بھی قوم کو خوشحالی اور ترقی کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔ ہمارے پاس پورے ایشیائی براعظم میں بہترین جغرافیہ ہے، ہمارے پاس تمام موسم ہیں، ہمارے پاس ہر قسم کے مناظر ہیں، ہمارے پاس بلند ترین پہاڑ، زرخیز زرعی میدان، دریا، صحرا اور دنیا کے مصروف ترین سمندری تجارتی راستوں کے ساتھ ساتھ وسیع ساحلی پٹیاں ہیں۔ پاکستان کے پاس پیسہ کمانے اور ہماری معیشت کو مضبوط کرنے کے بے پناہ وسائل ہیں۔ نہ صرف ہماری زمین پر بلکہ زمین کے نیچے بھی بہت زیادہ معدنی وسائل ہیں۔ ہماری زمینوں کے نیچے سونا، تانبا، لوہا، جواہرات، سنگ مرمر، تیل، گیس اور دیگر بہت سی معدنیات موجود ہیں جنہیں ہم حتمی شکل دینے کے بعد اگر صحیح طریقے سے نکال کر مارکیٹ میں لائیں تو اس سے حاصل ہونے والی آمدنی اس قوم کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ پلاننگ کمیشن آف پاکستان کی ایک رپورٹ کے مطابق پاکستان 6 لاکھ مربع کلومیٹر کے رقبے پر محیط معدنیات کے بڑے ذخائر سے مالا مال ہے۔ یہاں 92 معروف معدنیات ہیں جن میں سے 52 کا تجارتی استعمال کیا جاتا ہے جن کی کل پیداوار 68.52 ملین میٹرک ٹن سالانہ ہے۔ یہ ایک امید افزا شعبہ ہے جس کی اوسط نمو 2.3% سالانہ ہے جس میں 5 ہزار سے اوپر آپریشنل کانیں موجود ہیں، 50 ہزار چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار اور 3 لاکھ کارکنان کا براہ راست روزگار وابستہ ہے۔ ملک میں دنیا کی دوسری سب سے بڑی نمک کی کانیں ہیں۔ تانبے سونے کے پانچویں بڑے ذخائر ہیں۔ کوئلے کے دوسرے بڑے ذخائر کے ساتھ ساتھ اربوں بیرل خام تیل بھی موجود ہے۔ لیکن یہ بہت بدقسمتی کی بات ہے کہ معدنی دولت کے سب سے بڑے ذخائر ہونے کے باوجود ہماری معیشت میں معدنیات کا حصہ بہت کم ہے اور اس کی بڑی وجہ ٹیکنالوجی اور مہارت کی کمی ہے۔ پاکستان کے جی ڈی پی میں معدنیات کے شعبے کا حصہ تقریبا 3 فیصد ہے اور ملک کی برآمدات دنیا کی کل برآمدات کا صرف 0.1 فیصد ہے۔ سال 2017 میں دنیا کی کل معدنی برآمدات 401 بلین امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستان کی کل معدنی برآمدات 0.5 بلین امریکی ڈالر تھیں۔ ضلع چاغی میں واقع دہت کوہن، نوکنڈی میں بھی تانبے کے ذخائر موجود ہیں۔ تانبے اور سونے کے شعبے میں سرمایہ کاری کے مواقع ہیں۔ تانبے اور سونے کی کان کنی کے جدید منصوبو ں میں کاپر ریفائننگ پلانٹ اور گولڈ ریفائننگ پلانٹ شامل ہیں۔ پاکستان میں کوئلہ کے کل ذخائر 185 بلین ٹن ہیں، لیکن ایک تو وہ اچھی قسم کا نہیں ہے اور دوسرا ملکی ضرورتوں کے لیے ناکافی ہے جس سے ملکی کھپت کا 11 فیصد حصہ ہی پورا ہوتا ہے۔ پاکستان میں کوئلے کا زیادہ تر استعمال تھرمل بجلی پیدا کرنے، گھروں اور بھٹہ خشت پر اینٹیں پکانے میں ہوتا ہے۔ سندھ میں کوئلے کے ذخائر جھمپیر اور ضلع جامشورو کے علاقہ لاکھڑا کی اراضی میں موجود ہیں۔ الغرض پاکستان میں کئی قیمتی قدرتی معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں لیکن پاکستان میں برسر اقتدار آنے والی کسی بھی قیمت نے ان قدرتی وسائل سے بھرپور فائدہ اٹھا کر پاکستان کی ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے اور عوام کی تقدیر بدلنے کی کبھی سنجیدہ کوشش نہیں کی۔ موجودہ سیاسی و عسکری قیادت کا معدنیاتی منصوبوں کو عوام کی ترقی کا زینہ بنانے اور پاکستان میں چھپے ہوئے خزانوں کو دریافت کرنے کے لئے بیرونی سرمایہ کاروں کو اس جانب راغب کرنے کے لئے فوری اور تیز رفتار اقدامات انتہائی قابل تحسین ہیں۔ سول ملٹری اسپیشل انویسٹمنٹ کونسل اپنی سرمایہ کاری کی حکمت عملی میں معدنیات سے کیمیکلز کی تیاری کے غیر روایتی شعبے کو بھی شامل کرے تا کہ ویلیو ایڈڈ معدنی مصنوعات کی کھربوں ڈالر کی عالمی تجارت میں پاکستان بھی اپنا اہم حصہ شامل کر سکے۔ پاکستان 92 اقسام کی معدنیات سے مالا مال ہے جس کی ویلیو ایڈیشن کو فروغ دے کر پاکستان عالمی سطح پر نئی کیمیکلز مصنوعات متعارف کرانے کی صلاحیت رکھتا ہے، فی الوقت پاکستان سے خام معدنیات نکال کر سستے داموں پر برآمد کیا جا رہا ہے۔ معدنیات واحد شعبہ ہے جو ملک کو معاشی بحران سے نکال کر ترقی کی جانب گامزن کر سکتا ہے، اس شعبے میں ویلیو ایڈیشن کو فروغ دے کر ویلیو ایڈڈ معدنی مصنوعات کو مہنگے داموں پر برآمد کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان کا شمار دنیا کے خوبصورت ترین مما لک میں ہوتا ہے۔ پاکستان کے شمالی علاقہ جات کی خوبصورتی کا کوئی ثانی نہیں اس کے بلند و بالا پہاڑ، برف سے ڈھکی چوٹیاں، بہتے جھرنے، ندیاں، خوبصورت جھیلیں، پانچ دریا، زرخیز اور سر سبز و شاداب وادیاں، قدیم تہذیبیں، تاریخی مقامات، معدنی ذخائر سے مالا مال چٹانی سلسلے، گھنے جنگلات، وسیع ریگستان، گہرا سمندر، خوبصورت ساحل، جزائر اور چار موسموں کی موجودگی کے ساتھ ہر قسم کی آب و ہوا اس کو سیاحوں کی دلچسپی کا باعث بناتی ہے۔ اس کے علاوہ مختلف رنگا رنگ ثقافتیں، بولیاں، اور قدیم اور تاریخی تہذیبوں کی موجودگی پاکستان کو ایک بہترین اور مثالی ملک بنا دیتی ہے۔ بلاشبہ ہم قدرت کے ان انمول خزانوں کو صحیح منصوبہ بندی اور افرادی قوت کے درست اور بر وقت استعمال کے ذریعے نہ صرف پاکستان کو تیز ترین معاشی و سماجی ترقی کی نئی راہوں پر گامزن کر سکتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پاک وطن کی سلامتی، دفاع اور تحفظ کے ساتھ اس کی تعمیر و ترقی و خوشحالی کے لئے ہم سب پرعزم ہو کر ایک صف میں کھڑے ہو جائیں۔ اس کے لئے حکومت، فوج، عدلیہ اور عوام کو نیک نیتی کے جذبے کے ساتھ ایک سوچ پر آنا ہوگا اور وہ سوچ ہوگی ملکی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کی سوچ، پائیدار امن کی سوچ، اپنی آنے والی نسلوں کے بہتر مستقبل کی سوچ۔ اگر ہم متحد ہو گئے تو دنیا کی کوئی طاقت آسمان کی بلندیوں کو ہماری حد بنانے سے نہیں روک سکتی...

شوبز SHOWBIZ

مریم نفیس کی ساڑھی لک نے سوشل میڈیا پر دھوم مچا دی

حال ہی میں اداکارہ نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر دلکش فوٹوشوٹ شیئر کی

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مریم نفیس کی ساڑھی لک نے مداحوں کے دل جیت لئے۔ حال ہی میں اداکارہ نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر دلکش فوٹوشوٹ شیئر کی جس نے سب کی توجہ اپنی جانب مبذول کرالی۔ اداکارہ کو مذکورہ تصاویر میں نارنجی خوبصورت ساڑھی میں ملبوس کیمرے کے سامنے مختلف زاویہ سے دلکش پوز بناتے دیکھا جا سکتا ہے۔ پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ مریم نفیس کی ساڑھی لک نے مداحوں کے دل جیت لئے۔ حال ہی میں اداکارہ نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر دلکش فوٹوشوٹ شیئر کی۔

فیروز خان کو دوبارہ پیار مل گیا؟ سوشل میڈیا پر نئی بحث چھڑ گئی

سوشل میڈیا پر اِن وائرل تصویروں پر مداح جہاں تشویش میں مبتلا ہو گئے ہیں

لاہور (شوبز نیوز) فلم و ٹی وی اداکار فیروز خان سے متعلق سوشل میڈیا پر نئی قیاس آرائیاں شروع ہو گئی ہیں۔ اداکار فیروز خان اور اداکارہ نجیبہ فیض کی ایک ساتھ گھومتے پھرتے، سیر سپاٹے کرتے تصویریں سوشل میڈیا پر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی ہیں۔ اِن تصویروں میں یہ دونوں فنکار ہائیکنگ کرتے اور ایک دوسرے کی موجودگی سے محظوظ ہوتے ہوئے دیکھے جا سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر اِن وائرل تصویروں پر مداح جہاں تشویش میں مبتلا ہو گئے ہیں وہیں کچھ حلقوں میں انہیں شوبز انڈسٹری میں نیا جوڑا بھی قرار دیا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں فیروز خان نے دوسری شادی کے لیے لڑکی تلاش کرنے سے متعلق تصدیق کی تھی۔ فلم و ٹی وی اداکار فیروز خان سے متعلق سوشل میڈیا پر نئی قیاس آرائیاں شروع ہو گئی ہیں۔ اداکار فیروز خان اور اداکارہ نجیبہ فیض کی ایک ساتھ گھومتے پھرتے، سیر سپاٹے کرتے تصویریں سوشل میڈیا پر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی ہیں۔ اِن تصویروں میں یہ دونوں فنکار ہائیکنگ کرتے اور ایک دوسرے کی موجودگی سے محظوظ ہوتے ہوئے دیکھے جا سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا پر اِن وائرل تصویروں پر مداح جہاں تشویش میں مبتلا ہو گئے ہیں وہیں کچھ حلقوں میں انہیں شوبز انڈسٹری میں نیا جوڑا بھی قرار دیا جا رہا ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں فیروز خان نے دوسری شادی کے لیے لڑکی تلاش کرنے سے متعلق تصدیق کی تھی۔

رجنی کانت کی فلم کی بُرائی کرنے پر مداحوں کا دو فلم شائقین پر تشدد

واضح رہے کہ رجنی کانت کی فلم جیلر 10 اگست کو سنیما گھروں میں پیش کی گئی ہے



تامل ناڈو (شوبز نیوز) چنئی کے ایک سنیما گھر کے باہر رجنی کانت کے مداحوں نے فلم جیلر کی بُرائی کرنے پر دو مداحوں کو تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق واقعہ سنیما گھر کے باہر اس وقت پیش آیا جب دو فلمی شائقین نے رجنی کانت کی فلم کے حوالے سے میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے فلم کی برائی کی۔ رجنی کانت کے مداحوں کا کہنا تھا کہ یہ افراد اداکار تھلاپتی وِجے کے مداح ہیں اور اس لیے رجنی کانت کی بُرائی کر رہے ہیں۔ تامل فلم انڈسٹری کے سُپر اسٹار رجنی کانت اور تھلاپتی وِجے کے مداحوں کے درمیان سوشل میڈیا پر آ گئے۔

میرے بچوں کو کوئی کچھ کہے تو دل سے آہ نکلتی ہے: ندا یاسر

ملکر فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تصاویر کو سوشل میڈیا میں نہیں آنے دیں گے

لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی اداکارہ اور میزبان ندا یاسر نے اپنے بچوں کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر نہ کرنے کی وجہ بتا دی۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ کو دیئے گئے انٹرویو میں ندا یاسر نے بتایا کہ انہوں نے اور ان کے شوہر یاسر نواز نے ملکر فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنے بچوں کی تصاویر کو سوشل میڈیا میں نہیں آنے دیں گے۔ ندا کا کہنا تھا کہ چھوٹے چھوٹے یوٹیوبر اور یوٹیوب چینلز ان کے بچوں کی تصاویر کو شیئر کرتے ہیں اور ساتھ طرح طرح کی سچ جھوٹ پر مبنی باتیں کی جاتیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ چھوٹے چھوٹے چینلو کو نہ پکڑ سکتی ہیں ہاں لیکن ان کے دل سے یہ آہ ضرور نکلتی ہے۔

پرائڈ آف پرفارمنس پاپ سنگر نازیہ حسن کی کل 23 ویں برسی منائی جائے گی

اسلام آباد (شوبز نیوز) معروف پاپ سنگر نازیہ حسن کی 23 ویں برسی کل 13 اگست کو منائی جائے گی پرائڈ آف پرفارمنس نازیہ حسن 13 اگست 2000ء کو اس دنیا سے رخصت ہو گئی تھیں۔ نازیہ حسن 3 اپریل 1965ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں انہوں نے اپنا بچپن کراچی اور لندن کے تعلیمی اداروں میں گزارا۔ 1980ء میں نازیہ حسن صرف 15 برس کی عمر میں اس وقت شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئیں جب انہوں نے بھارت کے معروف فلم ساز فیروز خان کی فلم ''قربانی'' میں ''آپ جیسا کوئی میری زندگی میں آئے تو بات بن جائے'' گایا۔

آپ سب کو خوش نہیں کر سکتے اور نہ ہی سبھی آپ سے خوش ہوں گے احمد علی بٹ

دوسروں کو نظرانداز مت کریں کیونکہ ان سے زیادہ ضروری آپکا خوش ہونا ہے اداکار کی گفتگو

لاہور (شوبز نیوز) اداکار احمد علی بٹ نے کہا ہے کہ دوسروں کو خوش کرتے کرتے خود کو نظرانداز مت کریں، انہوں نے اپنی ایک بات چیت میں کہا ہے کہ آپ سب کو خوش نہیں کر سکتے اور نہ ہی سارے آپ سے خوش ہوں گے اس لیے خود کو خوش رکھنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں کو خوش کرتے کرتے خود کو نظرانداز مت کریں کیونکہ ان سے زیادہ ضروری آپکا خوش ہونا ہے۔ اس لیے خود کو خوش رکھنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ دوسروں کو خوش کرتے کرتے خود کو نظرانداز مت کریں۔

کنچیلی آنکھوں والی نازش جہانگیر کا مسحور کن رقص سوشل میڈیا پر وائرل

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی کنچیلی آنکھوں والی خوبرو اداکارہ نازش جہانگیر کا مسحور کن رقص سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ اپنی لازوال اداکاری اور خوبصورت آواز سے مداحوں کے دلوں میں راج کرنے والی نازش جہانگیر نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں خوبصورت انداز میں گانے پر جھومتے دیکھا جا سکتا ہے۔ مذکورہ ویڈیو میں اداکارہ سبز رنگ کی فراک زیب تن کیے بالوں میں بل ڈالے ہندوستانی موسیقار، گلوکار جگجیت سنگھ کے گانے ان سے نظریں کیا ملی پر منفرد انداز میں جھومتے ٹہلتے رقص کرنے میں مصروف ہیں۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کی کنچیلی آنکھوں والی خوبرو اداکارہ نازش جہانگیر کا مسحور کن رقص سوشل میڈیا پر وائرل ہو گیا۔ اپنی لازوال اداکاری اور خوبصورت آواز سے مداحوں کے دلوں میں راج کرنے والی نازش جہانگیر نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹا گرام پر ویڈیو شیئر کی جس میں انہیں خوبصورت انداز میں گانے پر جھومتے دیکھا جا سکتا ہے۔ مذکورہ ویڈیو میں اداکارہ سبز رنگ کی فراک زیب تن کیے۔

سپورٹس SPORTS

بھارت کا پاکستانی کرکٹ ٹیم کو سپیشل ٹریٹ کرنے سے انکار

ترجمان بھارتی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان ٹیم کو اسپیشل ٹریٹ نہیں کریں گے

نئی دہلی (سپورٹس نیوز) پاکستان کی تشویش پر بھارتی حکومت کا پھر ہٹ دھرمی سے جواب، پاکستان کرکٹ ٹیم کو سپیشل ٹریٹ کرنے سے انکار کر دیا۔ ترجمان بھارتی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان ٹیم کو اسپیشل ٹریٹ نہیں کریں گے، پاکستانی کرکٹ ٹیم کو بھارت میں اتنی ہی سیکورٹی ملے گی جتنی کہ دیگر ٹیموں کو ملے گی۔ ترجمان ارندم باگچی کا کہنا تھا کہ پاکستانی حکومت نے اپنی ٹیم کو بھارت میں ورلڈکپ کھیلنے کی اجازت دے رکھی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستانی وزارت خارجہ نے قومی کرکٹ ٹیم کو بھارت بھیجنے کی اجازت دیتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان کو اپنی کرکٹ ٹیم کی سلامتی کے بارے میں گہری تشویش ہے، امید ہے پاکستان کرکٹ ٹیم کے دورہ بھارت کے دوران مکمل تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ حکومت کا پھر ہٹ دھرمی سے جواب، پاکستان کرکٹ ٹیم کو سپیشل ٹریٹ کرنے سے انکار کر دیا۔ ترجمان بھارتی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ پاکستان ٹیم کو اسپیشل ٹریٹ نہیں کریں گے، پاکستانی کرکٹ ٹیم کو بھارت میں اتنی ہی سیکورٹی ملے گی جتنی کہ دیگر ٹیموں کو ملے گی۔ ترجمان ارندم باگچی کا کہنا تھا کہ پاکستانی حکومت نے اپنی ٹیم کو بھارت میں ورلڈکپ کھیلنے کی اجازت دے رکھی ہے۔ واضح رہے کہ پاکستانی وزارت خارجہ نے قومی کرکٹ ٹیم کو بھارت بھیجنے کی اجازت دیتے ہوئے کہا تھا کہ پاکستان کو اپنی کرکٹ ٹیم کی سلامتی کے بارے میں گہری تشویش ہے۔

سرفراز نواز نے پاکستانی ٹیم کو بھارت سے بہتر قرار دے دیا

اوپننگ اور مڈل آرڈرز پوزیشن میں ہر بار تبدیلیوں کی وجہ سے بھارتی ٹیم ابھی تک سیٹ نہیں ہو پا رہی

لاہور (سپورٹس نیوز) سابق ٹیسٹ کرکٹر سرفراز نواز نے پاکستان کی ٹیم کو بھارت سے بہتر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ شاہین شاہ آفریدی کی پرفارمنس لاجواب ہے، وہ اس وقت نئے گیند کے ساتھ بولنگ کرنے والا نمبرون پیسر ہے۔ لاہور میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے ریورس سوئنگ کے بانی کا موقف تھا کہ پاکستان کا کمبی نیشن بھارت کے مقابلے میں زیادہ اچھا دکھائی دے رہا ہے، بھارتی ٹیم کے کپتان کی اپنی پرفارمنس اچھی نہیں جا رہی، اوپننگ اور مڈل آرڈرز پوزیشن میں ہر بار تبدیلیوں کی وجہ سے بھارتی ٹیم ابھی تک سیٹ نہیں ہو پا رہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کے خلاف سیریز اور ایشیا کپ کے لیے جس ٹیم کا اعلان کیا ہے، وہ بہترین کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔ انضمام الحق نے بڑے بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کیا ہے۔

پنجاب جونیئر باکسنگ ٹیم کے چناؤ کے لیے ایک روزہ ٹرائلز 17 اگست کو سرگودھا میں منعقد ہونگے

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پنجاب جونیئر باکسنگ ٹیم کے چناؤ کے لیے ایک روزہ ٹرائلز 17 اگست کو سرسید سپورٹس کمپلیکس سرگودھا میں دوپہر دو بجے منعقد ہونگے۔ پنجاب باکسنگ ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری کرنل (ریٹائرڈ) ناصر اعجاز تنگ کے مطابق ٹرائلز کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور ٹرائلز کے لئے کھلاڑیوں کے وزن دس بجے صبح ہونگے ٹرائلز میں 15 سے 16 سال تک کی عمر اور 2007 اور 2008 کے دوران پیدا ہونے والے کھلاڑی حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ باکسروں کا جسمانی وزن بوائز 0646,48,50,52,57 63, کلوگرامز جبکہ گرلز 46,50 اور 52, کلوگرامز ہونگے ہر کھلاڑی ''ب'' فارم ساتھ لائے گا راحیل عدنان کو ٹرائلز کوآرڈینیٹر مقرر کیا گیا ہے منتخب ٹیم فیصل آباد میں سات ستمبر کو منعقدہ پہلی نیشنل انٹر کلب جونیئر (بوائز اینڈ گرلز) باکسنگ چیمپئن شپ میں شرکت کریں گے۔ ٹرائلز میں 15 سے 16 سال تک کی عمر اور 2007 اور 2008 کے دوران پیدا ہونے والے کھلاڑی حصہ لینے کے مجاز ہونگے۔ باکسروں کا جسمانی وزن بوائز 630646,48,50,52,57, کلوگرامز جبکہ گرلز 46,50 اور 52, کلوگرامز ہونگے ہر کھلاڑی ''ب'' فارم ساتھ لائے گا۔

تاریخ میں پہلی بار پاکستان کا نام بھارتی ٹیم کی جرسی پر سجے گا

ایونٹ کا آغاز 30 اگست کو گرین شرٹس اور نیپال کے درمیان میچ سے ہوگا

ASIA CUP
INDIA

لاہور (سپورٹس نیوز) تاریخ میں پہلی بار پاکستان کا نام بھارتی ٹیم کی جرسی پر سجے گا، ایشیا کپ کیلیے تیار شدہ بھارتی جرسی پر پاکستان کا نام بھی درج ہے۔ ایونٹ کا آغاز 30 اگست کو گرین شرٹس اور نیپال کے درمیان میچ سے ہوگا، یہ ایونٹ مکمل طور پر پاکستان میں ہونا تھا تاہم بھارت نے اپنی ٹیم بھیجنے سے انکار کر دیا جس کی وجہ سے 4 میچز پاکستانی گراؤنڈز اور باقی تمام مقابلے سری لنکا میں ہوں گے۔ بھارت نے کبھی اپنی ٹیم کی جرسی پر پاکستان کا نام نہیں لکھا تاہم اس بار ایشیا کپ کا اصل میزبان چونکہ پاکستان ہے۔

بھارتی کپتان روہت شرما نے ایشیا کپ کو چیلنج قرار دے دیا

ممبئی (سپورٹس نیوز) بھارت کی کرکٹ ٹیم کے کپتان روہت شرما نے ایشیا کپ کو چیلنج قرار دے دیا۔ ایشیا کپ کے حوالے سے روہت شرما نے کہا ہے کہ ٹورنامنٹ میں کوالٹی ٹیموں کا سامنا کرنا ہے، ہم جیتنا چاہتے ہیں لیکن کئی سوال حل طلب ہیں۔ روہت شرما نے کہا کہ ایشیا کپ میں کوالٹی ٹیموں کے خلاف کھلاڑیوں کو پریشر میں اچھا کھیلتا ہوا دیکھنا چاہتا ہوں، ورلڈ کپ سے پہلے ایشیا کپ کا ہونا اچھی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ کمبی نیشن کے

افغانستان سیریز اور ایشیا کپ کیلئے ٹیم مینجمنٹ کا اعلان

ذرائع کے مطابق مکی آرتھر قومی ٹیم کے ڈائریکٹر کے طور پر فرائض انجام دیں گے

لاہور (سپورٹس نیوز) پی سی بی نے افغانستان سیریز اور ایشیا کپ کے لیے ٹیم مینجمنٹ کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق افغانستان کیخلاف سیریز اور ایشیا کپ کے لئے ٹیم مینجمنٹ کا اعلان کر دیا گیا، ریحان الحق کو ٹیم کا منیجر مقرر کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مکی آرتھر قومی ٹیم کے ڈائریکٹر کے طور پر فرائض انجام دیں گے، گرانٹ بریڈ برن ہیڈ کوچ، اینڈریو پوٹک بیٹنگ کوچ اور مورنی مورکل بولنگ کوچ ہوں گے۔ آفتاب خان فیلڈنگ کوچ، عبدالرحمٰن اسسٹنٹ کوچ ہوں گے، ڈاکٹر سہیل سلیم (ٹیم ڈاکٹر)، ڈریکس سائمن (اسٹرنتھ اینڈ کنڈیشنگ کوچ)، کلف ڈیکن (فزیو تھراپسٹ)، احسن افتخار ناگی (میڈیا منیجر) ہونگے۔

PAKISTAN
CRICKET BOARD

قومی کیچ بال چیمپئن شپ آج سے کراچی میں شروع ہوگی

کراچی (سپورٹس نیوز) پاکستان کیچ بال فیڈریشن کے زیراہتمام قومی کیچ بال چیمپئن شپ (آج) ہفتہ سے کراچی یونیورسٹی میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز پاکستان کیچ بال فیڈریشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں عروج پر ہیں اور چیمپئن شپ میں پولیس، پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان کی ٹیمیں حصہ لیں گی۔ میچز میٹنگ 11 اگست کو ہوگی۔ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب 14 کو ہوگی۔ جس میں کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد تقسیم کی جائیں گی۔ پاکستان کیچ بال فیڈریشن کے زیراہتمام قومی کیچ بال چیمپئن شپ (آج) ہفتہ سے کراچی یونیورسٹی میں شروع ہوگی۔ گزشتہ روز پاکستان کیچ بال فیڈریشن کے صدر مقبول آرائیں نے بتایا کہ چیمپئن شپ کی تیاریاں عروج پر ہیں۔

''ایسا لگتا ہے دھانی پاکستانی پیسر نہیں ہے''

کراچی (سپورٹس نیوز) شاہنواز دھانی قومی ون ڈے اسکواڈ میں عدم شمولیت پر خاصے ناراض ہیں۔ پیسر شاہنواز دھانی نے سوشل میڈیا پر اس حوالے سے لکھا کہ ملک میں کسی ایک بھی صحافی یا کرکٹ تجزیہ نگار میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ میرے اعداد و شمار سلیکٹرز کو دکھائے یا ان سے سوال پوچھ سکے۔ سابق کپتان راشد لطیف کی قومی پیسرز کے حوالے سے سوشل میڈیا پوسٹ پر اپنی عدم موجودگی پر بھی دھانی نے ناخوشی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ ایسا لگتا ہے کہ دھانی پاکستانی پیسر نہیں ہے، اس پر راشد نے اپنی غلطی تسلیم کرتے ہوئے۔

ورلڈ کپ؛ کامران اکمل کو پاک بھارت فائنل کی توقع

ایشیا کپ میں فتح سے پاکستان ٹیم کے اعتماد میں اضافہ ہو سکتا ہے

لاہور (سپورٹس نیوز) کامران اکمل کا کہنا ہے کہ پاکستان کے پاس ورلڈکپ میں فتح کا اچھا موقع ہوگا۔ خصوصی انٹرویو میں سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے کہا کہ ورلڈکپ سے قبل ایشیا کپ میں فتح سے پاکستان ٹیم کے اعتماد میں اضافہ ہو سکتا ہے، کنڈیشنز اور پچز کو دیکھتے ہوئے اچھا کمبی نیشن بنانے میں بھی مدد ملے گی، ہمیں فاسٹ و اسپن بولنگ اور بیٹنگ میں مستحکم لائن اپ میسر ہے، متوازن ٹیم بن چکی، ورلڈکپ بھارت میں ہوگا، کنڈیشنز کو دیکھتے ہوئے پاکستان کیلیے ٹائٹل جیتنے کا سنہری موقع ہے، ہمارے بیشتر کرکٹرز پہلی بار پڑوسی ملک میں کھیل رہے ہوں گے، مکی آرتھر، بابر اعظم اور نئے چیف سلیکٹر کا ایک پیج پر ہو کر فیصلے کرنا اہم ہے انہوں نے کہا کہ گرین شرٹس کو ڈر کر نہیں دلیری سے کھیلنا ہوگا، ایشیا کپ میں ہی حریفوں پر حاوی ہونا پڑے گا، 270 کا اسکور ذہن میں رکھ کر میچز نہیں جیت سکتے، وہاں ہائی اسکورنگ میچ ہوں گے، ہمیں 325 سے 350 تک کا مجموعہ حاصل کرنا ہوگا۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 12 اور 13 اگست 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 12 اگست 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، گلزار قائد، گنگال، ائرپورٹ، کھنہ روڈ، بجنیال، نیو ملپور، پی اینڈ ٹی ونی، سی ڈبلیو او، جھنگی، گولڑہ، ای ایم ای کمپلیکس فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، کوہالہ، مورت، اسلام آباد فیڈ مل، جھنڈ تھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب-I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، اٹک سرکل، ائیر یونیورسٹی، پی ایم کالونی فیڈرز، چکوال سرکل، دولتالہ، ڈیرہ مسلم فیڈرز، جہلم سرکل، سرائے عالمگیر، فتح پور، شکریلہ، منڈی بھلوال، ملٹری کالج، شمس آباد، گرمالہ، سنگھوئی، چوٹالہ، بورین، F-2 چپ بورڈ، انڈسٹریل، ڈورابڈھال فیڈرز، مورخہ 13 اگست 2023، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، RCCI-I,II,III,IV & V، چوک پنڈوری، سہالہ فیڈرز، اٹک سرکل، ائر یونیورسٹی، پی ایم کالونی فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

کوششیں مختص کرنا شامل ہیں، اس کا مقصد ملکی سیاسی و اقتصادی ترقی میں ان کی فعال شرکت کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور طلباء کو تعلیمی سرگرمیوں میں مدد، عبادت گاہوں کے تحفظ کے لئے گرانٹس، مالی امداد اور سکالرشپ کی فراہم کے اقدامات کئے جارہے ہیں، یہ اقدامات پاکستان میں ایک جامع اور نمائندہ معاشرے کے فروغ کی جانب ہمارے عزم کا ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اقلیتوں کے مذہبی، سماجی، سیاسی اور معاشی حقوق کے تحفظ کے لئے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتا ہوں، ہم تمام اقلیتی گروہوں کو یقین دلاتے ہیں کہ پاکستان ان کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح کیلئے کام کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے، ہم اجتماعی کوششوں سے مضبوط و زیادہ خوشحال پاکستان بنالیں گے جہاں ہر فرد کو ترقی کی منازل طے کرنے، منفرد صلاحیتوں کو ملکی ترقی کے لئے استعمال کرنے کا موقع میسر ہوگا۔ عارف علوی نے کہا کہ اس دن کو مناتے مجھے پورا یقین ہے ہماری اقلیتیں قومی ترقی کے عمل میں اہم کردار ادا کرتی رہیں گی۔ انہوں نے کہا میں پاکستان کے تمام اقلیتی گروہوں کے لیے نیک تمناں کا اظہار کرتا ہوں، مجھے یقین ہے وہ ملک کی سماجی و اقتصادی ترقی میں اپنا حصہ ڈالتے رہیں گے۔ صدر مملکت نے مذہبی سکالرز، میڈیا سے اپیل کی کہ وہ معاشرے کو اقلیتوں کے حقوق بارے آگاہ کریں اور ملک میں محبت، رواداری، بھائی چارے اور اتحاد کے کلچر کو فروغ دیں۔

بقیہ 2

رہائی کے لیے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی فہرست اڈیالہ جیل حکام کو بھیج دی گئی ہے۔ خیال رہے کہ عدالت نے 3 ایم پی او آرڈر معطل کر کے 57 پی ٹی آئی کارکنان کو رہا کرنے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 3

ہوئے کہا ہے کہ آئین نے نظام کو چلانے کیلئے ایک طریقہ وضع کیا ہے، عدالت کا کام کیسز کا فیصلہ کرنا ہے، لوگوں کو انصاف فراہم کرنا ہے، آئین کہتا ہے کہ آپ اپنی مرضی کا وکیل رکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کل پارلیمان تحلیل ہوا اور اس کے بعد یہ فیصلہ جاری کیا گیا، اس فیصلے پر ریویو کی آپشن بالکل ہے، 30 دن کے اندر اندر ریویو فائل کر سکتے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ دوسری آپشن یہ ہے کہ آنے والی اسمبلی اس پر دوبارہ قانون سازی کا سوچے۔ ان کا کہنا تھا کہ نواز شریف کے کیسز کا معاملہ اس سے بالکل الگ ہے، سیاست میں حصہ لینا بنیادی حق ہے، الیکشن ایکٹ میں ترمیم کے بعد نااہلی کی سزا پانچ سال سے زیادہ نہیں ہوسکتی۔ ن لیگی رہنما کا کہنا تھا کہ آرٹیکل 62 کے تحت سزا پر نااہلی کی زیادہ سے زیادہ مدت 5 سال ہوگی، نواز شریف اور دیگر لوگ جن کو 3/184 کے کیسز میں تاحیات نااہل کیا گیا تھا وہ الیکشن ایکٹ 232 کے تحت 5 سال بعد اہل ہوچکے ہیں۔

بقیہ 4

اور باجے بجانے پر دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ خلاف ورزی پر سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنرز سیکرٹریٹ اور رولرزون کی مختلف علاقوں میں کارروائیاں بھی کی گئیں اور سٹالز پر سینکڑوں ہارن اور باجے قبضے میں لے لیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ نے سٹالز مالکان پر بھاری جرمانے بھی عائد کیے ہیں۔

بقیہ 5

کرنا ہوگا۔ بلاول بھٹو ادھر سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ بھی آئین کی پاسداری ہے، غیر مسلم شہریوں کے حقوق و بہبود کے حوالے سے بھی پیپلز پارٹی نے جو قانون سازی اور عملی اقدامات کیے ہیں، اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ 11 اگست کو اقلیتوں کے قومی دن کے طور پر منانے کا فیصلہ کرنے پر سابق صدر آصف علی زرداری کو بھی خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 6

کے زیر اہتمام ملک بھر میں تقریبات انعقاد پذیر ہوں گی جس میں کیک کاٹے جائیں گے قرآن خوانی و خصوصی دعا بھی ہوگی۔ وہ 12 اگست 1924 کو جالندھر میں کسان محمد اکبر کے گھر میں پیدا ہوئے سابق صدر جنرل (ر) ضیاء الحق 17 اگست 1988 کو فضائی حادثہ میں شہید ہوگئے تھے

بقیہ 7

11 اگست کو منایا جاتا ہے۔ سپیکر راجہ پرویز اشرف نے مادر وطن کے لیے قابل تحسین قربانیوں اور خدمات پر تمام پاکستانی اقلیتوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنے بھائیوں اور بہنوں کو تمام حقوق کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے پوری طرح پرعزم ہے، ائین کے آرٹیکل 36، 37 اور 38 کے تحت تمام اقلیتوں کو بلاتفریق رنگ، نسل اور مذہب یکساں حقوق حاصل ہیں۔ قائداعظم نے 11 اگست 1947 کو اپنی تقریر میں زور دیا تھا، جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ”ہم ان دنوں سے آغاز کر رہے ہیں جب کسی ایک برادری کے درمیان کوئی تفریق نہیں، ایک ذات یا مسلک کے درمیان کوئی اور امتیاز نہیں ہے۔ ہم اس بنیادی اصول کے ساتھ شروعات کر رہے ہیں کہ ہم سب ایک ریاست کے شہری اور مساوی شہری ہیں“۔ سپیکر نے کہا کہ اقلیتوں کے اس قومی دن پر بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے بنیادی اصولوں پر مبنی پرامن، ترقی پسند اور ہمہ گیر پاکستان کی تعمیر کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پڑوسی ملک بھارت نے وہاں بسنے والی اقلیتوں کی زندگی اجیرن کر رکھی ہے اور وہاں ان کے ساتھ ناروا سلوک برتا جارہا ہے، مقبوضہ کشمیر میں بھارتی حکومت نے مسلمانوں کو گزشتہ کئی سالوں سے پابند سلاسل رکھا ہوا ہے اور مقبوضہ کشمیر 5 اگست 2019 کے بعد دنیا کی سب سے بڑی اوپن جیل بنا ہوا ہے، عالمی برادری کو بھارت میں اقلیتوں کے ساتھ روا رکھنے جانے سلوک کے خلاف آواز اٹھانے کی ضرورت ہے۔ سپیکر نے کہا کہ بھارت میں اقلیتوں کے حقوق کی پامالی دنیا کے جدید اصولوں کے منافی ہے

بقیہ 8

سازی کا اختیار نہیں رکھتا۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ کسی بھی قانون کو کالعدم قرار دینے کے اختیار کو انتہائی احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے اور ایک قانون کو اس وقت کالعدم قرار نہیں دینا چاہیے جب اس کی شقیں آئین سے ہم آہنگی رکھتی ہوں۔ فیصلے کے مطابق ریویو آف ججمنٹ آئین پاکستان سے واضح طور پر متصادم ہے، یہ ممکن نہیں ہے کہ اس قانون کو آئین سے ہم آہنگ قرار دیا جائے۔ ہم نے آئین کا تحفظ اور دفاع کا حلف اٹھا رکھا ہے۔ ریویو اینڈ ججمنٹ ایکٹ کو اسطرح بنایا گیا جیسے آئین میں ترمیم مقصود ہو، اگر اس قانون کے تحت اپیل کا حق دے دیا گیا تو مقدمہ بازی کا ایک نیا سیلاب امڈ آئے گا۔ سائلین سپریم کورٹ سے رجوع کرنا شروع کر دیں گے اس بات کو سامنے رکھے بغیر کہ جو فیصلے دیے گئے ان پر عملدرآمد بھی ہوچکا۔ پارلیمنٹ سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار سے متعلق قانون سازی نہیں کر سکتی۔ طے شدہ اصول ہے کہ سادہ قانون آئین میں تبدیلی یا اضافہ نہیں کر سکتا اور سپریم کورٹ رولز میں تبدیلی عدلیہ کی آزادی کے منافی ہے۔ تحریری فیصلے میں کہا گیا کہ ہمارے ذہنوں میں کوئی شک نہیں کہ مجوزہ قانون کا اصل مقصد آرٹیکل 184/3 کے فیصلوں کے خلاف اپیل کا حق دینا تھا، اس سوال کا جواب کہ پارلیمنٹ بینچز کی تشکیل سے متعلق قانون بنا سکتا ہے نفی میں ہوگا۔ چیف جسٹس نے تفصیلی فیصلے میں 5 رکنی لارجر بینچ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ 5 رکنی لارجر بینچ طے کر چکا ہے ماسٹر آف دا روسٹر چیف جسٹس ہے، سپریم کورٹ قانون میں تبدیلی نہیں کر سکتی اور آئین واضح کر چکا ہے کہ تمام فریقین عدالتی فیصلوں پر عمل کے پابند ہوں گے۔ جسٹس منیب اختر کا اضافی نوٹ سپریم کورٹ کے فیصلے میں جسٹس منیب اختر کا نوٹ بھی شامل جو کہ 30 صفحات پر مشتمل ہے۔ جسٹس منیب اختر نے اپنی اضافی نوٹ میں لکھا ہے کہ مختلف فیصلوں کا جائزہ لینے سے تین اہم نکات سامنے آتے ہیں، پہلے نکتے کے مطابق نظر ثانی اپیل نہیں ہوسکتی، دوسرا نکتہ مقدمات کے حتمی ہونے کا ہے اور تیسرا اہم نکتہ نظر ثانی کے محدود ہونے کا ہے۔ نوٹ میں لکھا ہے کہ ریویو آف ججمنٹس اینڈ آرڈرز ایکٹ کا سیکشن 2 آئین کے آرٹیکل 185 کے مطابق نہیں، کیا پارلیمان کی طرف سے ہدایت کی جاسکتی کہ نظر ثانی کو اپیل جیسا سمجھا جائے؟ اصول ہے عدالت میں پہلے سے طے ہوچکا معاملہ دوبارہ نہیں اٹھایا جاسکتا، نظر ثانی کا دائرہ اختیار اسی اصول کے ساتھ جڑا ہے۔ اضافی نوٹ میں مزید لکھا ہے کہ سیکشن 2 میں دیا گیا اپیل کا حق آئین کے آرٹیکل 188 کے بر خلاف ہوگا اور موجودہ ایکٹ کے بعد 184 کے مقدمات کبھی بھی فل کورٹ نہیں بن سکے گا۔ اہم مقدمات میں فل کورٹ کی تشکیل نہ ہونا سپریم کورٹ کے انتہائی اہم اصول کو ختم کرتا ہے۔ جسٹس منیب نے اپنے نوٹ میں لکھا کہ چیف جسٹس کا بینچ کی تشکیل کا اختیار انصاف کی فراہمی کے لیے اہم ہے، ایکٹ کا سیکشن 2 اور 3 آئین کے ایک سے زائد آئینی اصولوں کے برخلاف ہے۔ ایکٹ کے سیکشن 3، 2 آئین کے آرٹیکل 188 میں دیے اختیار سے بھی متصادم ہیں۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے 19 جون کو فیصلہ محفوظ کیا تھا۔ دریں اثنا سابق وفاقی وزیر سعد رفیق نے کہا ہے کہ قانون سازی پارلیمان کا اختیار ہے جس میں مداخلت قابل قبول نہیں جو بینچ فیصلہ کرے وہی ریویو سننے کا اصول انصاف کے تقاضوں کے منافی ہے، بینچز کی تشکیل کے لیے فرد واحد کے اختیار نے عدل کو بارہا پامال کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے فیصلے کا ریویو آئندہ پارلیمنٹ میں ہی ہوگا۔

بقیہ 9

ٹریفک وارڈنز ٹریفک کنٹرول کرنے میں مکمل بے بس ڈی ایس پی ٹریفک بھی مکمل خاموش، شہری سراپا احتجاج اعلی حکام سے نوٹس کا مطالبہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان سروس روڈ ریلوے روڈ چوک میں مبینہ طور پر تعینات ٹریفک وارڈنز کی عدم توجہی کے باعث ہسپتال کے مین گیٹ پر رکشے والوں نے پکے قدم جمالیے جس کی وجہ سے ہسپتال کے مین گیٹ پر ٹریفک بلاک رہنا معمول بن گیا۔ آنے والے مریضوں کا مین گیٹ سے داخلہ انتہائی مشکل ہوگیا اکثر ٹریفک بلاک رہنے سے سیریس مریضوں کو ہسپتال شفٹ کرنے والی ایمبولینسز بھی کئی بار ٹریفک میں پھنسی دکھائی دیتی ہیں شہری حلقوں نے سی ٹی او راولپنڈی سے فوری طور پر نوٹس لے کر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کے مین گیٹ کو رکشہ سٹینڈز اور ناجائز تجاوزات سے پاک کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 10

سینئر نائب صدر، دانش شبیر نائب صدر، غلام صابر جنرل سیکریٹری، محسن جاوید ایڈیشنل جنرل سیکریٹری، ارسلان حسن فنانس سیکریٹری اور شفاقت حسین انفارمیشن سیکریٹری کامیاب ہوئے۔ نو منتخب عہدیداران کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ معروف سماجی ورکر خواجہ کاشف سمیت دیگر ایمپلائز یونینز کی طرف سے نو منتخب باڈی کو مبارکباد پیش کی گئی اور توقع کی گئی کہ عہدیداران ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کے حقوق کے لیے بھرپور کوشش کریں گے۔

بقیہ 11

کی حکومت نے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا۔ ملک ٹیک آف کی پوزیشن میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی غلط فیصلے سے سب کچھ ختم ہوسکتا ہے۔ پالیسوں کا تسلسل چاہیے۔ نگران حکومت ایسی ہو جو پالیسیوں کا تسلسل جاری رکھے کیونکہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاملات ابھی بھی چل رہے ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ نگران وزیراعظم کے حوالے سے مشاورت کا عمل جاری ہے۔ میں نگران وزیراعظم کا امیدوار نہیں ہوں لیکن جو اللہ کو منظور ہوا۔ وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر اس حوالے سے فیصلہ کر لیں گے۔ سابقہ حکومت جس طرح معاملات خراب کر کے گئی اسے، آگے بڑھنا چاہیے۔ دوسری جانب سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما احسن اقبال کا کہنا ہے کہ اتحادی کا فائدہ بھی ہوتا ہے اور نقصان بھی، آئین میں ہے کہ اگر مردم شماری نوٹیفائی ہوجائے تو الیکشن اس کے مطابق ہونا چاہیے۔ حلقہ بندیوں کیلئے الیکشن کمیشن کو 54 دن کا مزید وقت درکار ہوگا۔ الیکشن کمیشن پر لازم ہے کہ وہ نئی مردم شماری کے مطابق حلقہ بندیاں شروع کرے، الیکشن نئی حلقہ بندیاں کے مطابق انتخابات کا اعلان کرے۔ احسن اقبال مزید کہا کہ آئین الیکشن کمیشن کو حلقہ بندیوں کیلئے 4 ماہ کی مہلت دیتا ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ میری رائے یہ کہ الیکشن فروری 2024 تک ہو جانا چاہیے۔ عام انتخابات سینیٹ الیکشن سے پہلے ہوں گے۔ خیال رہے کہ قومی اسمبلی اپنی مدت پوری کر چکی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور اپوزیشن لیڈر نگران وزیراعظم کے نام پر مشاورت کے لیے آج ملاقات کریں گے۔

بقیہ 12

پاک فوج کے جوانوں کیلئے خصوصی دعائیں مانگی جائیں

گی۔ مزار قائد اور مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریبات منعقد ہوں گی سرکاری و نجی عمارتوں، گھروں پر قومی پرچم لہرائے جائیں گے اور مقبوضہ کشمیر کے کشمیری مسلمانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا جائے گا جبکہ مارکیٹوں اور گلیوں بازاروں کو رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجایا جائے گا رات کو عمارتوں کو برقی قمقموں سے سجایا جائے گا پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوں گی فیصل آباد میں جشن آزادی کے سلسلے میں سب سے بڑی تقریب میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار میں ہوگی جہاں پرچم کشائی اور پنجاب پولیس کا مارچ پاسٹ ہوگا۔ جشن آزادی کے سلسلے میں بچوں، مرد و خواتین میں بے پناہ جوش و خروش پایا جاتا ہے ملک بھر کے تمام شہروں میں گلی محلوں اور بازاروں کو رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجایا گیا ہے تمام شہروں میں قومی پرچم، جھنڈیوں، بیجز وغیرہ کی خرید عروج پر پہنچ چکی ہے جبکہ پولیس کی جانب سے سخت ترین حفاظتی اقدامات کیے گئے ہیں

بقیہ 13

کرے گا۔ یاد رہے کہ نگران وزیر اعلی محمد اعظم کو 25 کابینہ اراکین کے استعفے موصول ہوئے تھے، جس پر انہوں نے سمری گورنر خیبر پختونخوا کو بھیج دی تھی۔

بقیہ 14

اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کی تلقین کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادریوں کو ملکی ترقی میں کردار ادا کرنے پر خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ملکی تعمیر و ترقی میں اقلیتوں کا کردار نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، پنجاب حکومت امتیازی سلوک کے خاتمے، سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتیں پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں جو قابل تحسین ہے، آج کے دن ہمیں اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے مزید موثر انداز میں عملی اقدامات کرنے کے عزم کا اعادہ کرنا ہے۔

بقیہ 15

مذکورہ مردہ مرغیاں شہر بھر کے مختلف ہوٹلوں میں سپلائی کی جاتی تھی۔ تفصیل کے مطابق پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے مخبر کی اطلاع پر کینال روڈ ایکسپریس وے پر لوڈر رکشہ پر مردہ مرغیاں نیلے ڈرموں میں ڈال کر شہر کی طرف لائی جارہی تھیں جبکہ گاڑی پر مردہ پرندوں کی نقل و حمل کے حوالے سے کوئی برانڈنگ نہ کی گئی تھی اور مردہ مرغیوں کا مکروہ دھندہ کرنے والے لوڈر رکشہ کے ڈرائیور سفیان کو حراست میں لیکر 1100 کلوگرام مردہ مرغیاں برآمد کر کے تلف کردیں، مذکورہ مرغیوں کا گوشت شہر بھر کے مختلف ہوٹلز میں سپلائی کیا جارہا تھا اور مردہ گوشت کے استعمال سے شہری معدہ، جگر اور آنتوں کی مختلف بیماریوں کا سبب بن رہا ہے۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر آپریشن کا کہنا ہے کہ انسانی صحت سے کھیلنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ 16

کی تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کیخلاف کیس کے لئے نیا بینچ تشکیل دے دیا گیا ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس عامر فاروق نے کیس جسٹس بابر ستار کو بھجوا دیا ہے، اور جسٹس بابر ستار 15 اگست کو شہریار آفریدی کی ایم پی او کے تحت گرفتاری کیخلاف سماعت کریں گے۔ گزشتہ روز سابق وفاقی وزیر شہریار آفریدی نے شیر افضل مروت ایڈووکیٹ کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی، جس میں سیکرٹری داخلہ، آئی جی اسلام آباد، ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو فریق بنایا گیا۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ اے ٹی سی کورٹ راولپنڈی کے احاطے سے باہر آتے ہی حراست میں لیا گیا، معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ 8 اگست کو مجسٹریٹ اسلام آباد نے تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کا حکم جاری کیا ہے۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی کہ تھری ایم پی او کی گرفتاری کو کالعدم قرار دے کر رہائی کا حکم دیا جائے۔

بقیہ 17

کے بعد حتمی فیصلہ کرے گا۔ تاحال الیکشن کمیشن آف پاکستان نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے سے متعلق فیصلہ نہ کر سکا۔ ذرائع نے بتایا کہ الیکشن کمیشن کے نئی مردم شماری سے پیدا صورتحال پر 2 اجلاس ہوئے جو بے نتیجہ رہے، الیکشن کمیشن نئی مردم شماری کے تحت انتخابات کرانے پر تذبذب کا شکار ہے۔ ذرائع نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو لیگل ٹیم نے آرٹیکل 51 فائیو کے تحت نئی حلقہ بندیوں کے تقاضے سے آگاہ کیا، لیگل ٹیم کی جانب سے رائے دی گئی کہ اسمبلیاں تحلیل ہونے کا انتظار کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن یہ بھی دیکھنا چاہتا تھا کہ صدر انتخابات کی تاریخ کا اعلان کریں گے یا نہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں مشترکہ مفادات کونسل نے نئی مردم شماری کی منظوری دی تھی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء، چاروں صوبوں کے وزرائے اعلی اور متعلقہ محکموں کے حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں نئی مردم شماری سے متعلق امور پر غور کیا گیا جبکہ وزارت منصوبہ بندی و ترقی کی جانب سے مشترکہ مفادات کونسل کو ڈیجیٹل مردم شماری پر بریفنگ دی گئی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ اجلاس میں ڈیجیٹل مردم شماری کے نتائج پیش کئے گئے، مشترکہ مفادات کونسل کو بریفنگ دی گئی کہ پاکستان کی آبادی 24 کروڑ 10 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ اجلاس میں مشترکہ مفادات کونسل نے نئی مردم شماری کی منظوری دی

بقیہ 18

سے گرفتاریوں کی حکمت عملی تیار کرلی گئی۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ ملزمان کی پشت پناہی کرنے والوں کے خلاف بھی کارروائی ہوگی۔ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چار یونٹس پر مشتمل ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں۔

بقیہ 19

اور اہم چوکوں پر چراغاں اور تعلیم سمیت مختلف شعبہ زندگی میں کارہائے نمایاں انجام دینے والے افراد میں ایوارڈز تقسیم کئے جائیں گے۔ یہ ہدایات ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ عدنان محمود اعوان نے 76 ویں یوم آزادی کی تقریبات کے انعقاد کے سلسلہ میں ڈی سی آفس کمیٹی روم میں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے دیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ غلام سرور، اسسٹنٹ کمشنر پسرور قمر منج، اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال احسن چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ فیصل احمد، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن ملک اعجاز، سینئر نائب صدر مرکزی انجمن تاجران قسیم خان لودھی سمیت تمام محکموں کے مقامی حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان نے انجمن تاجران اور ایوان صنعت و تجارت کے نمائندگان سے اپیل کی کہ وہ اپنے بازاروں، میگا سٹورز، دکانوں اور فیکٹریوں میں آزادی کی مناسبت سے چراغاں اور قومی پرچم آویزاں کریں۔

بقیہ 20

او اوکاڑہ کے احکامات کی روشنی میں ٹریفک پولیس ایجوکیشن یونٹ اوکاڑہ نے جہاز چوک اوکاڑہ میں عوام الناس میں ہیلمٹ تقسیم کرنے کیلئے خصوصی کیمپ لگایا اور ٹریفک قوانین کی آگاہی کے لیے پفلٹ تقسیم کیے۔ ڈی پی او اوکاڑہ، ڈی ٹی او اوکاڑہ، چیمبر آف کامرس کے ممبران، صحافیوں اور سول سوسائٹی کے لوگوں نے شرکت کی۔ آگاہی کیمپ میں عوام الناس کو فری ہیلمٹ تقسیم کیے۔ عوام الناس اور شہریوں نے ٹریفک پولیس کی اس کاوش کو خوب سراہا اور کہا کہ ایسے پروگرام کرنے سے سلوگوں میں اویرنیس آئے گی اور حادثات میں بھی کمی ہوگی

بقیہ 21

دلوائیں، بس ایک پریشر رکھنا ہے۔ اس کے علاوہ ڈائری میں عمران خان کے کھانے پینے کے حوالے سے بھی احکامات جاری کیے تھے۔ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے بشریٰ بی بی کی ڈائری سامنے لانے اور اس متعلق دعوؤں پر ردعمل دیا ہے، حماد اظہر نے کہا ہے کہ جے گل بی بی دی ڈائری تے آ گئی اے تے فیر صلح ہی کرلوو پٹھان دے نال۔ جبکہ پی ٹی آئی کے وکلاء نے ایسی کسی ڈائری کی موجودگی کی تردید کی ہے۔ وکیل انتظار حسین پنجوتھہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ قانونی ٹیم کی طرف سے یا زمان پارک کی طرف سے کسی ڈائری کی گمشدگی رپورٹ ہی نہیں کی گئی تو یہ ڈائری کہاں سے آ گئی، ہم تفصیلات حاصل کر رہے ہیں اور تمام ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ خبر جس جس نے چلائی ہے ان تمام میڈیا ہاؤسز کے خلاف بھی کارروائی کریں گے اور نوٹس جاری کریں گے۔ دوسری جانب لاہور پولیس نے عمران خان کی گرفتاری کے وقت ان کا اور بشریٰ بی بی کا موبائل فون بھی قبضے میں لیا تھا جسے اب پولیس نے فرانزک کیلئے بھجوا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اندراج مقدمات سے متعلق موبائل فون میں موجود ڈیٹا مددگار ثابت ہوگا

بقیہ 22

، پی پی 111 ملک اسامہ سعید اعوان، پی پی 97 لیٹین کاہلوں، اسلامی جمعیت طلبہ کے ڈویژنل ناظم عمیس عزیز، رائے منیب الرحمن ور دیگر نے دھرنا کے شرکاء سے خطاب کیا۔ مقررین نے دھرنا کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملکی وسائل سے استفادہ کرنے کی بجائے حکمران کشکول لے کر در بدر ٹھوکریں کھا رہے ہیں۔ یہ سیاسی و معاشی دہشت گرد ہیں۔ ان کی آپس کی لڑائیاں مفادات کیلئے ہیں۔ ملک میں مہنگائی، سیاسی افراتفری، آئینی و معاشی بحران پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کی بیڈ گورننس، نااہلی اور کرپشن کا نتیجہ ہے۔ پٹرول، بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کے خلاف لانگ مارچ کرنے والوں نے حکومت میں آ کر عوام پر مہنگائی کے کوڑے برسائے ہیں۔ اتحادی حکومت پاکستان کی تاریخ کی ناکام ترین حکومت ثابت ہوئی ہے۔

بقیہ 23

کے 9 بورڈز میں میٹرک کے سالانہ امتحانات 2023 کے دوران لڑکیوں کا ہی بول بالا رہا ہے۔ دو لڑکیوں نے صوبے بھر میں ایک ہزار 99 نمبر لیکر ٹاپ پوزیشن حاصل کی ہے۔ لڑکوں میں گوجرانوالہ کے نوجوان نے آرٹس گروپ میں پہلی پوزیشن لی، گھروں میں کام کرنے والی والدہ اپنے بیٹے کی کامیابی پر خوشی سے نہال ہیں۔ نگران وزیر اعلی پنجاب نے پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کیے محسن نقوی نے کہا کہ مثبت سوچ رکھیں، تو ملک آگے بڑھے گا۔ پنجاب بھر کے 9 بورڈز سے پوزیشن حاصل کرنے والے 142 طلبہ میں میڈلز اور سرٹیفیکیٹ تقسیم کیے گئے

بقیہ 24

کی تقریب سے ہوا، جس میں این سی اے کے وائس چانسلر، سینئر فیکلٹی اور سٹاف نے حصہ لیا۔ نمائش کے لئے طلبہ نے یوم آزادی کی مناسبت سے فن پارے بنانا شروع کر دیئے ہیں جبکہ این سی اے آرکائیو ڈیپارٹمنٹ محفوظ نایاب تصاویر کو نمائش کے لئے تیار کر رہا ہے۔ اپنے بیان میں وائس چانسلر این سی اے پروفیسر ڈاکٹر مرتضی جعفری نے کہا کہ ان تقریبات کا مقصد نوجوان نسل میں ملک کی قدر اور اس کی آزادی کے لیے ہمارے بزرگوں کی قربانیوں کے بارے میں شعور اجاگر کرنا ہے۔ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے، یوم آزادی پر این سی اے میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوگی جس کے بعد دعا اور قومی ترانہ پیش کیا جائے گا۔ پرچم کشائی کی تقریب کے بعد شرکا میں خصوصی بیجز اور جھنڈے تقسیم کیے جائیں گے، آخری دن ایک میوزیکل پرفارمنس بھی تقریبات کا حصہ ہے۔ اس تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مرتضی جعفری سمیت سینئر فیکلٹی ممبران اور کالج سٹاف کی ایک قابل ذکر تعداد شرکت کرے گی۔ پرچم کشائی کے علاوہ این سی اے کی ظہور الاخلاق گیلری میں تحریک پاکستان کے موضوع پر فن پاروں/آرکائیوی نمائش کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔ کیمپس کی دیواروں کو سجانے کا عمل بھی جاری ہے، جس میں طلبہ اور عملہ مصروف ہے، یہ تمام اقدامات ہمارے ملک کے ساتھ ہماری یکجہتی کو ظاہر کرنے اور ان لوگوں کی جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ترتیب دیے گئے ہیں جنہوں نے اس کے قیام کے لیے اپنا سب کچھ کھو دیا

بقیہ 25

جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطاء بندیال اور جسٹس اعجاز الاحسن نے 51 صفحات پر مشتمل فیصلہ لکھا، تفصیلی فیصلے کے ساتھ جسٹس منیب اختر کا 34 صفحات پر مشتمل اضافی نوٹ بھی شامل ہے۔ جسٹس منیب اختر نے سپریم کورٹ کے تفصیلی فیصلے میں اضافی نوٹ لکھا ہے جس میں کہا ہے کہ اپیل اور نظر ثانی مترادف نہیں بلکہ مختلف چیزیں ہیں۔ پارلیمان کا قانون سازی اور سپریم کورٹ کے پاس رولز بنانے کے اختیارات برابر ہیں۔ جسٹس منیب اختر نے کہا پارلیمان کی سادہ قانون سازی سے سپریم کورٹ رولز کو غیر موثر نہیں کیا جاسکتا۔ کیا پارلیمان کی طرف سے ہدایت کی جاسکتی ہے کہ نظر ثانی کو اپیل جیسا سمجھا جائے۔ اصول ہے کہ عدالت میں پہلے سے طے شدہ معاملہ دوبارہ نہیں اٹھایا جاسکتا۔ اضافی نوٹ میں کہا گیا کہ نظر ثانی کا دائرہ اختیار اسی اصول کے ساتھ جڑا ہے۔ سپریم کورٹ رولز قانون سازی سے برتر ہیں۔ سپریم کورٹ رولز آرٹیکل 191 کے تحت بنائے گئے۔ سپریم کورٹ نے تفصیلی فیصلے میں قرار دیا

بقیہ 26

نے اعتراف کیا کہ اسمبلی کے خاتمے سے عوام کو نجات مل گئی، گزشتہ 5 سال میں 2 مختلف حکومتیں اقتدار پر قابض رہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ گزشتہ دور سہانے خواب اور معاشی بدحالی میں بھرپور رہے، وفاقی حکومت کے خاتمے پر مبارک باد دیتا ہوں۔

بقیہ 27

شہری شدید خوف و ہراس کا شکار جاتلی کے نواحی علاقہ موہڑہ پھل میں زمین کے تنازع پر سگے چچانے فائرنگ کر کے 21 سالہ نوجوان بھتیجے عبدالرافع ولد نوید کو قتل جبکہ ظہیر ولد علی اصغر مقتول کے ماموں کو زخمی کر دیا جبکہ ملزم جائے وقوعہ سے آلہ قتل سمیت فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا مقتول کا چچا کے ساتھ زمین کا تنازع چل رہا تھا جس بنا پر چچانے فائرنگ کی واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ جاتلی ملک آفتاب جائے وقوعہ پر پہنچے فرانزک ٹیم نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کیے اور ڈیڈ باڈی اور زخمی کو ہسپتال منتقل کیا ضابطے کی کاروائی کے بعد ڈیڈ باڈی ورثا کے حوالے کردی گی پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے جبکہ گزشتہ رات پولیس چوکی دولتالہ کے نواحی علاقے کنیال بجرانہ میں پسند کی شادی کے شاخسانہ پر نوجوان لڑکی کو فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا ملزم موقع واردات سے فرار ہوگیا ایس ایچ او اور ملک آفتاب نے اپنا موقف دیتے ہوئے بتایا کہ مقتولہ 19 سالہ، ح، ت، نامی لڑکی نے حارث مجیب سکنہ دیہہ سے کورٹ میرج کر رکھی تھی جس بنا پر دونوں خاندانوں میں چپقلش چل رہی تھی جس بنا پر فائرنگ کر کے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا جبکہ ایس ایچ او نے مزید بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی میں پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچا ڈیڈ باڈی کو اپنی تحویل میں لیا جبکہ فرانزک ٹیم نے جائے وقوعہ سے ضروری شواہد اکٹھے کیے اور ریسکیو کی امدادی ٹیم کے ذریعے ڈیڈ باڈی کو پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان منتقل کر دیا گیا جبکہ ملزم کی گرفتاری کے لیے میں نے ریڈنگ ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں اور ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں جلد ہی ملزم کو گرفتار کر کے مزید تفتیش کر کے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ 28

کو یوم آزادی کے موقع پر منعقدہ تقریب میں انہیں تعریفی اسناد سے نوازا جائے۔ ترجمان نے کہا کہ ایل آر ایچ میں اس سال مختلف ایمرجنسی اور دیگر واقعات رپورٹ ہوئے جس میں طبی عملے کے ساتھ ساتھ ڈیلی سٹاف نے بھی بھرپور کردار ادا کیا، جس کے اعتراف میں ان کو تعریفی شیلڈز اور سرٹیفکیٹ سے نوازا جائے گا۔ ہسپتال ڈائریکٹر نے اس موقع پر کہا کہ ہمیشہ کی طرح اس دفعہ بھی ایل آر ایچ میں جشن آزادی کو جوش و جذبے سے منایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس 14 اگست پر امن اور محبت کا پیغام دیں گے اور ساتھ ساتھ مریضوں کو بہترین سروسز کی فراہمی کے لیے اپنی توانائیاں صرف کرنے کے عزم کا بھی اعادہ کریں گے۔ ترجمان نے کہا کہ 14 اگست کی تقریب میں بڑے پیمانے پر ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈکس سکیورٹی، کلاس فور اور دیگر سٹاف کی شمولیت متوقع ہے جبکہ اس حوالے سے میڈ سرج عمارت کے سامنے پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد بھی کیا جائے گا۔

بقیہ 29

شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق مشتاق احمد نے پولیس رپورٹ میں بتایا کہ اس نے امین ٹاؤن میں فیصل آباد کالج آف لاء بنا رکھا ہے، جس کے اکاؤنٹ کے معاملات محمد طیب اکاؤنٹنٹ کے سپرد تھے، اور مذکورہ اکاؤنٹنٹ طالب علموں سے 80 لاکھ کی فیس وصول کر کے ان کو جعلی رسیدیں دیتا رہا، اور فیسوں کی رقوم میں خرد برد کا معمہ ہوا تو مذکورہ اکاؤنٹنٹ کالج سے استعفیٰ دیکر غائب ہوگیا، حساب کتاب کرنے پر 80 لاکھ کی رقم مذکورہ اکاؤنٹنٹ نے ہڑپ کر لی۔ جس پر پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی

بقیہ 30

چیکنگ ناکہ کھاری چیک پوسٹ پر ایک مشکوک کار کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 129 کلوگرام اعلی کوالٹی کی چرس، ایک عدد 30 بور پستول بمعہ 2 میگزین اور 14 راؤنڈ برآمد کر کے ڈرائیور کو حراست میں لے لیا۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز منشیات کی روک تھام کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے اور معاشرے کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے میں ادارہ اپنا کردار ادا کرتا رہے گا

بقیہ 31

اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ نعش کو قبضہ میں لے کر ٹراما سنٹر ہری پور منتقل کر دیا گیا، جہاں پر پولیس نے پوسٹ مارٹم کروانے کے بعد نعش لواحقین کے حوالے کر دی ہے۔ پولیس نے مقتولہ کے باپ کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ورثاء کے مطابق ملزم گھر میں لڑائی جھگڑا کرتا تھا جو بیوی اور بچوں پر بھی اکثر تشدد اور گلم گلوچ کرتا رہتا تھا، ملزم نے معمولی بات پر طیش میں آ کر اپنی سگی بیٹی کو کلہاڑی کے وار کر کے قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 32

والی ڈکٹیشن کا آج ڈائری سے بھی انکشاف ہوگیا، عدلیہ کو دبا میں لانے کی مہم چلانے کا ڈائری میں انکشاف ہوا، توشہ خانہ کے تحائف کی تصاویر کھینچنے پر ملازمین کو بشری بی بی نے ڈانٹا، چیئرمین پی ٹی آئی حکومتی معاملات میں بشری بی بی سے ڈکٹیشن لیتے رہے۔

بقیہ 33

بازی کی جائے گی۔ ملتان گھنٹہ گھر میں پرچم کشائی، قلعہ میں آتش بازی اور میوزیکل نائٹ ہوگی جبکہ ملتان میٹرو کے روٹ پر چراغاں کیا جائے گا۔ یوم آزادی پر شجر کاری بھی کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان ہمارے اسلاف کی قربانیوں کا ثمر ہے، آزادی کے لئے مسلمانوں نے آگ و خون کے دریا عبور کیء

بقیہ 34

کیلئے 4 ماہ کی مہلت دیتا ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ میری رائے یہ کہ الیکشن فروری 2024 تک ہو جانا چاہیے۔ عام انتخابات سینیٹ الیکشن سے پہلے ہوں گے۔ قبل ازیں احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کا مستقبل ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے مطابقت پیدا کرنے میں ہے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کو سہل بنانے کے لئے 5 ارب روپے کا سرمایہ (وینچر کیپیٹل) مختص کیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو وینچر کیپیٹل فنڈ کے افتتاح کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وینچر کیپیٹل فنڈ کا مقصد پاکستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ایک سازگار ماحول پیدا کرنا ہے، ہمارے لئے سب سے بڑا چیلنج معاشی برین ہیمرج کو ٹھیک کرنا تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آج پوری دنیا میں لوگ سی پیک فیز 2 اور ایس آئی ایف سی کی باتیں کر رہے ہیں، پاکستان کا مستقبل ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے مطابقت پیدا کرنے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کو سہل بنانے کے لئے 5 ارب روپے کا وینچر کیپیٹل مختص کیا گیا ہے، ترقی کے سفر کو جاری رکھنے کے لئے ہمارے نجی شعبہ میں صلاحیت موجود ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ نجی شعبہ یونیورسٹیوں کے ساتھ انڈسٹری اکیڈیمیا ربط قائم کرے اور اطلاقی تحقیق کے ذریعے ترقی کی راہ ہموار کریں، برآمدات کے بڑھائے بغیر ترقی ممکن نہیں۔

بقیہ 35

دو حصوں میں تقسیم ہوگئی تھی۔ بتایا گیا کہ پشاور سے کراچی جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس کی بوگیاں کوٹری سٹیشن کے قریب الگ ہوگئیں، خوش قسمتی سے واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق ٹرین تیز رفتاری کے سبب ایک ٹریک سے دوسرے ٹریک پر جاتے ہوئے دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ مسافروں کو متاثر ہونے والی ایک بوگی سے اتار دیا گیا۔ حادثے کے سبب حیدرآباد سے کراچی کی آمد و رفت معطل ہوگئی تھی، ٹرینوں کو حیدرآباد سٹیشن پر روکا گیا تھا۔ خیال رہے کہ رواں ہفتے سندھ کے ضلع نواب شاہ میں مال گاڑی کو حادثہ پیش آیا تھا جس کے نتیجے میں ٹرینوں کی آمد و رفت کا ٹریک بند ہوگیا۔ نواب شاہ میں دوڑ ریلوے اسٹیشن کے قریب اپ لائن پر مال گاڑی کی دو بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں، جس کی وجہ سے ٹرینوں کی آمد و رفت کا ٹریک بلاک ہوگیا۔ ریلوے پولیس کے مطابق حادثہ ریلوے کلومیٹر 322 کے مقام پر پیش آیا۔ ریلوے حکام کے مطابق مال گاڑی کی دو ڈبے ٹریک سے اترے۔ حادثے کے بعد امدادی ٹیمیں روانہ کردی گئیں، مال گاڑی پنجاب سے کراچی جارہی تھی۔ واضح رہے کہ چند روز قبل نواب شاہ سرہاری ریلوے اسٹیشن کے قریب ہزارہ ایکسپریس کو حادثہ پیش آیا تھا، جس کے نتیجے میں 10 بوگیاں پٹڑی سے اتریں اور 30 سے زائد مسافر جاں بحق ہوئے تھے۔

بقیہ 36

سے گرفتار کیا، ملزم کو یو اے ای روانگی سے قبل دوران چیکنگ گرفتار کیا گیا، اور مزید کارروائی کیلئے رحیم یار خان پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ ملزم عنایت اللہ 5 برس قبل رحیم یار خان میں 05 افراد کے قتل کے واقعہ میں ملوث تھا، اور رحیم یار خان پولیس نے ملزم کا ریڈ وارنٹ بھی جاری کروایا تھا

بقیہ 37

میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے ملک کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری ہمارے شانہ بشانہ کھڑی ہیں انہوں نے کہا کہ اس ملک میں بسنے والے رنگ، نسل اور مذہب سے بالاتر ہو کر خالصتاً پاکستانی ہیں اور ان کی حب الوطنی پر کوئی شک نہیں ڈپٹی کمشنر نے اقلیتی برادری کے ہمراہ کیک کاٹا اور اقلیتی برادری کی استحکام پاکستان ریلی کی قیادت کی ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ نے کہا کہ آئین پاکستان اقلیتوں کے حقوق کو تحفظ فراہم کرتا ہے بین المذاہب ہم آہنگی میں اقلیتوں کا کردار لائق تحسین ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مختلف شعبوں میں اقلیتوں کی خدمات لائق تحسین ہیں انصاف کے شعبہ میں چیف جسٹس اے آر کارنیلس، چیف جسٹس بھگوان داس، سماجی خدمات میں میڈم رتھ فاؤ کے نام نمایاں ہیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مسیحی راہنما ماسٹر ریاض مسیح نے کہا کہ پاکستان اقلیتوں کے لیے محفوظ ملک ہے پاسٹر سلامت برکت نے کہا کہ پاکستان کی سلیمت پر کوئی آنچ نہ آنے دیں گے پاسٹر ممتاز نے مسیحی برادری کی طرف سے اقلیتوں کا قومی دن منانے پر اظہار تشکر کیا ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ نے مسیحی راہنماؤں کے ہمراہ بلدیہ میں پرچم کشائی کی ملکی سلامتی استحکام کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں تاجر راہنما ارشاد حسین بھٹی، طاہر شریف گجر، راؤ خلیل احمد نے بھی تقریب سے خطاب کیا تاجر راہنماؤں نے اقلیتوں کی قیام پاکستان اور تعمیر و ترقی پاکستان کے لیے کاوشوں کو سراہا مختلف چرچوں کے نمائندوں پاسٹر شفقت کلیانہ، پاسٹر یوآب گل، پاسٹر ریاض راج، پاسٹر یونس پیارا، پاسٹر زاہد، پاسٹر بابر یونس، پاسٹر وقاص بھٹی، پاسٹر گلزار سہوترا، ایلڈر بابر رسول، ایلڈر راشد مسیح، ایلڈر تنویر مسیح سمیت تاجر راہنماؤں عبدالرحمن منا، شیخ عبدالروف، سماجی راہنما عبدالعزیز بھٹہ، چیف آفیسر بلدیہ علی احمد صابر اور شہریوں کی کثیر تعداد نے تقریبات میں شرکت کی۔

بقیہ 38

کیے تھے۔ تاہم اب پی ٹی آئی کے وکلاء نے ایسی کسی ڈائری کی موجودگی کی تردید کی ہے۔ وکیل انتظار حسین پنجوتھہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر ٹویٹ کرتے ہوئے کہا کہ قانونی ٹیم کی طرف سے یا زمان پارک کی طرف سے کسی ڈائری کی گمشدگی رپورٹ ہی نہیں کی گئی تو یہ ڈائری کہاں سے آگئی، ہم تفصیلات حاصل کر رہے ہیں اور تمام ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ خبر جس جس نے چلائی ہے ان تمام میڈیا ہاؤسز کے خلاف بھی کارروائی کریں گے اور نوٹس جاری کریں گے۔ دوسری جانب لاہور پولیس نے عمران خان کی گرفتاری کے وقت ان کا اور بشریٰ بی بی کا موبائل فون بھی قبضے میں لیا تھا جسے اب پولیس نے فرانزک کیلئے بھجوا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اندراج مقدمات سے متعلق موبائل فون میں موجود ڈیٹا مددگار ثابت ہوگا

بقیہ 39

کی خصوصی عدالت کے جج اعجاز احمد بٹر نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت پراسیکیوشن کی طرف سے سپیشل پراسیکیوٹر فرہاد علی شاہ نے پیش ہوئے جبکہ چیئرمین پی ٹی آئی کی جانب سے بیرسٹر سلمان صفدر نے دلائل دیے۔ عدالت نے فریقین کے وکلا کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا بعد ازاں عدالت نے چیئرمین تحریک انصاف کی ضمانت کی درخواستیں عدم پیروی پر خارج کرتے ہوئے حاضری معافی کی درخواست مسترد کر دی

بقیہ 40

پر ماموریلوے پولیس کانسٹیبل کو بھی تشدد کا نشانہ بنا دیا، پولیس اہلکار عوام سے جان چھڑا کر چلتی ٹرین میں سوار ہوا تو اس کی جان بخشی ہوئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ تھانہ محمود کوٹ میں دو مختلف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں، ایک مقدمہ چوروں اور دوسرا اہلکار پر تشدد کرنے والوں کے خلاف درج کیا گیا ہے۔ پولیس نے تصدیق کی ہے کہ عوام نے جن افراد کو پکڑ کر تشدد کیا، انہی دونوں چوروں کو پولیس نے گرفتار کر کے چوری شدہ سامان برآمد کر لیا ہے

بقیہ 41

فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ غریب ملک کے لوگ بھوک سے خود کشیاں کر رہے ہیں جبکہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کی بجائے کروڑوں روپے جھنڈے پر خرچ کر رہی ہے۔ درخواست کے متن میں عدالت سے اس جھنڈے کی تیاری روکنے کا حکم دینے کی استدعا کرتے ہوئے مزید کہا گیا کہ بھارت سے مقابلہ معیشت بہتر بنانے میں کیا جائے، بڑا جھنڈا بنانے سے ملک ترقی یافتہ نہیں بنے گا۔ سیکرٹری سروسز پنجاب کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ پنجاب حکومت جھنڈا لہرانے پر 40 کروڑ روپے خرچ نہیں کر رہی، وفاقی حکومت نے بھی اس حوالے سے فنڈز جاری نہیں کیے۔ دلائل سننے کے بعد عدالت نے درخواست قبل از وقت قرار دے کر خارج کر دی۔

بقیہ 42

85 لاکھ 53 ہزار 563 روپے، بطور مالی امداد 41 لاکھ 40 ہزار 250 روپے اور عمارتوں کے کرایہ جات کے حصول کے متلاشی افراد کو ایک لاکھ 77 ہزار 314 روپے کا ریلیف ملا ہے۔ اس دوران دفتر محتسب پنجاب کی کارروائی میں ضرورت مند افراد کو 6 لاکھ 70 ہزار روپے بطور ڈیتھ گرانٹ، اور ایس ڈی پوسٹ کی تخلیق کے متلاشی افراد کو 36 لاکھ 57 ہزار 505 روپے کی ادائیگی، مختلف تعمیراتی کاموں کی واجب الادا رقوم کے حصول کے خواہش مند افراد کو متعلقہ محکموں نے 13 لاکھ 75 ہزار روپے ادا کئے ہیں۔ مزید براں شکایت کنندگان کو پونے 9 لاکھ روپے بطور گروپ انشورنس کلیم، ٹریولنگ الاؤنس کے بل کی مد میں 57 ہزار 730 روپے اور واجب الادا سکیورٹی کے ایک لاکھ 73 ہزار روپے واپس دلوائے گئے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ محتسب آفس کی ہدایت پر ناجائز قابضین سے ایک کروڑ 22 لاکھ روپے مالیت کا سپورٹس گراؤنڈ خالی کروایا گیا ہے اور مختلف سائلین کو محتسب آفس کے حکم پر 47 ہزار 500 روپے، پٹرول واجبات کے 3 لاکھ 437 روپے اور زکوۃ فنڈ سے 18 ہزار روپے کی مالی امداد فراہم کی گئی ہے

بقیہ 43

دوران 474 دنوں میں 96 بل، 61 سرکاری 135 غیر سرکاری قراردادیں پاس کی گئیں جبکہ 521 سوالات ڈسپوز اپ کئے گئے 87، توجہ دلاؤ نوٹسز اور 36 تحاریک التواء پیش کی گئیں، پہلے پارلیمانی سال میں 11 تحاریک التواء 13 توجہ دلاؤ نوٹسز، 82 سوالات پیش کی گئی جبکہ 24 غیر سرکاری 13 سرکاری قراردادوں کے ساتھ 11 ایکٹ پاس کی گئیں، دوسرے پارلیمانی سال میں 5 تحاریک التواء، 10 توجہ دلاؤ نوٹسز 75 سوالات پیش کی گئیں 27 غیر سرکاری 6 سرکاری قراردادیں اور 10 ایکٹ پاس کی گئیں، تیسرے پارلیمانی سال میں 15 تحاریک التواء اور 36 توجہ دلاؤ نوٹسز پیش کی گئیں 160 سوالات ڈسپوز اپ کئے گئے 30 غیر سرکاری اور 9 سرکاری قراردادوں کے ساتھ 30 بل پاس کئے گئے، چوتھے پارلیمانی سال میں 4 تحاریک التواء، 12 توجہ دلاؤ نوٹسز پیش کی گئی اور 116 سوالات ڈسپوز اپ کئے گئے اس کے علاوہ 27 غیر سرکاری 20 سرکاری قراردادوں کے ساتھ 25 بل پاس کئے گئے۔ پانچویں پارلیمانی سال میں 14 توجہ دلاؤ نوٹسز 84 سولات پیش کی گئیں جبکہ 25 غیر سرکاری 13 سرکاری اور 20 ایکٹ پاس کئے گئے۔

بقیہ 44

انسداد پولیو کی سابقہ اور آنے والی مہم بارے بات چیت کی گئی جس میں جعلی انگوٹھوں کی مارکنگ، پولیو کے قطرے پلانے سے انکاری والدین اور امن و امان یا کسی اور وجہ سے پولیو کے قطرے نہ پلانے کے واقعات بارے تفصیلاً بات چیت کی گئی۔ کمشنر ڈیرہ ظفر الاسلام نے ڈیرہ ڈویژن میں انسداد پولیو مہم کے حوالے سے تفصیلاً آگاہ کیا اور اس بارے اٹھائے گئے اقدامات سے آگاہی فراہم کی۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ ندیم اسلم چوہدری نے ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کا کامیاب بنانے کیلئے خیبر پختونخواہ میں مزید بہتر اقدامات اٹھائے جائیں، پولیو ٹیموں کی جانب سے پانچ سال تک کے تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائیں

بقیہ 45

کی قیادت میں سندھ حکومت نے اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بنایا ہے اور صوبے کی تمام اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے ٹھوس اقدامات کئے ہیں

بقیہ 46

آباؤ اجداد نے لازوال قربانیاں پیش کی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزادی کی انتھک جدوجہد میں مردوں کیساتھ ساتھ خواتین نے بھی اپنا نمایاں کردار ادا کیا جس کے نتیجہ میں وطن عزیز پاکستان معرض وجود میں آیا

بقیہ 47

نائب ریڈر کے عہدہ پر کام کرنے والے ٹیلیفون آپریٹر رانا صلاح الدین کو سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی پر معطل کر دیا گیا۔ رانا صلاح الدین نے دوستوں کے ہمراہ ایس پی کی کرسی پر بیٹھ کر ویڈیوز بنائیں اور سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹک ٹاک پر بھی اپلوڈ کر دیں۔ ایس پی مدینہ ٹاؤن نے ویڈیوز بنانے پر ٹیلیفون آپریٹر کو معطل کر دیا اور محکمانہ کارروائی کے احکامات جاری کر دیئے۔

بقیہ 48

کے طلبہ کے درمیان تقریری اور ملی نغموں کے مقابلے منعقد کرائے جائیں گے اس کے علاوہ آزادی مارچ اور انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنا کر یکجہتی کا مظاہرہ کیا جائیگا۔ اجلاس میں پرائمری جماعت کی بچیوں کے درمیان ملی نغموں، نعت اور ڈرائنگ کے مقابلوں، شجر کاری مہم کیا آغاز اور کرکٹ کے آزادی کپ میچ کیا نعقاد پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 49

پولیس افسران پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ سے بہترین تعاون کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو انصاف کی فراہمی لاہور پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) عمران کشور، ڈویژنل ایس پیز اور ڈی ایس پیز (انوسٹی گیشن) نے شرکت کی

بقیہ 50

کا وقار بلند کرنا بڑا چیلنج، درست پالیسیاں بنانا ہوگی۔

بقیہ 51

جج والا کے قریب فیصل رضا سے 40 ہزار روپے' فون' سرفراز کالونی میں اعجاز حسین سے 13 ہزار روپے' فون' اعجاز ٹاؤن کے امین سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' ماڈل ٹاؤن میں عمیر کی دکان کے تالے توڑ کر بھاری مالیت کا سامان لے گئے' ضلع کچہری کے قریب خالد محمود سے نقدی' فون' بیرون کارخانہ بازار کے تاجر وقاص علی کی دکان کے تالے توڑ کر لاکھوں کے ٹائر چور لے گئے' تلیانوالہ روڈ پر سرور سے نقدی' فون' 51 ج ب کے اشرف سے 30 ہزار روپے' فون' بھگواں والا چوک کے قریب لقمان سے نقدی' فون' 105 ج ب کے غلام شبیر سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' علی پارک کے وقاص سے نقدی' فون' سوئی گیس کالونی کے شاہد کے گھر کے تالے توڑ کر لاکھوں کے زیورات' نقدی وغیرہ لے گئے' بھائی والا پھاٹک کے قریب بلاول سے 10 ہزار روپے' فون' ملت روڈ پر طارق نعیم سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' مصطفی آباد میں کاشف علی سے نقدی' فون' ملک پور کے قریب یاسر اعجاز سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' کینال روڈ پر محمود سے نقدی' فون' مانانوالہ کے صادق سے نقدی' فون' جی ٹی ایس چوک کے قریب صہیب' ابرار سے نقدی' فون لوٹ لیۓ ستیانہ روڈ میکڈونلڈ کے قریب موٹر سائیکل سوار ڈاکو ویگن سوار خاتون اقصیٰ جعفر سے جھپٹا مار کر فون' ستیانہ روڈ پر زین مقبول سے نقدی' فون' سوساں روڈ پر میاں ناصر کے میرج ہال سے ٹرانسفارمر اتار کر لے گئے' کوہ نور پلازہ کے قریب اقبال سے نقدی' فون' کینال روڈ ٹریٹ بیکری کے حیدر علی سے نقدی' فون' فیضان مدینہ چوک کے قریب راحیل طارق سے نقدی' فون' ڈی ٹائپ کالونی میں معراج سے نقدی' فون' علامہ اقبال کالونی کے زبیر سے ڈیڑھ لاکھ روپے' فون' کالج روڈ پر عدنان سے ڈیڑھ لاکھ شیخاں والا پھاٹک کے قریب نعمان سے ساڑھے پانچ لاکھ راڈو گھڑی' کالج روڈ پر سرفراز سے 65 ہزار روپے' فون' 246 رب کے ظفر عباس سے 45 ہزار روپے' فون' 247 رب کے عمران شاہد سے دو لاکھ کے بکرے' کریم گارڈن کے شرافت علی سے 10 ہزار روپے' فون' 38 ج ب کے نور حسین شاہ سے 50 ہزار روپے' فون' 34 ج ب کے مجاہد فاروق سے موٹر سائیکل' نقدی' فون' اڈا باغ کے قریب سلیم اور اسکی اہلیہ سے زیورات' نقدی' 29 ج ب کے نصیر احمد کے ڈیرہ سے بھاری مالیت کا سامان' 58 ج ب کے عمار حسین سے نقدی' فون' اڈا باغ کے قریب جواد سے نقدی' فون' حیدر گارڈن کے فیضان' فیصل ٹاؤن کے منیب اشرف' وقاص ٹاؤن کے لیاقت علی سے نقدی' فون چھین لیا

بقیہ 52

کروائی۔ شیخ حسینہ نے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میری طرف سے آپ کے لیے صحت مند اور خوشگوار زندگی کی دعائیں۔ جب کہ گذشتہ ماہ بنگلہ دیش کی وزیراعظم حسینہ واجد نے بھی پاکستانی ہم منصب شہباز شریف کو آموں کا تحفہ بھجوایا تھا۔ پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر محمد روح العالم صدیقی کا کہنا تھا کہ وزیراعظم حسینہ واجد کا یہ تحفہ دونوں برادر ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات میں ایک نئی جہت کا اضافہ کرے گا اور باہمی تعلقات کو مزید فروغ حاصل ہوگا۔ بنگلہ دیشی میڈیا کے مطابق اسلام آباد میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر نے 1500 کلو آم وزارت خارجہ کے پروٹوکول افسر کے حوالے کیے۔ اس سے قبل جب گذشتہ ماہ وزیراعظم شہباز شریف ترکی گئے تو ان کی ترک صدر اردوان سے ہونے والی ملاقات کی ویڈیو وائرل ہوئی۔ اس موقع پر شہباز شریف نے ترک صدر سے مصافحہ کرتے ہوئے کہا کہ میں آپ کیلئے آموں کا تحفہ لایا ہوں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ملک میں کمر توڑ مہنگائی تسلیم کر لی وزیراعظم نے ترک صدر کی اہلیہ سے مخاطب ہو کر کہا کہ آدھے آم اپنے بھائی اور آدھے آم اپنی بہن کیلئے لایا ہوں۔ وزیراعظم کی یہ بات سن کر صدر اردوان اور ان کی اہلیہ بے ساختہ مسکرا دیے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی بات کا جواب دیتے ہوئے ترک صدر اردوان نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ مجھے معلوم ہے کہ پاکستانی آم بہت لذیذ ہوتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ملاقات کے دوران مزید کہا کہ پاکستان کے عوام آپ کے انتخاب پر بہت خوش ہیں

بقیہ 53

ملازمت پر رکھنے والوں سے ملنا جلنا ترک کر دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اس مہم کا مقصد بچوں کو گھریلو مزدوری سے نجات دلوانا ہے تا کہ گھریلو ملازمین بچوں کے استحصال میں کمی آسکے۔ انہوں نے اپیل کی کہ سوشل میڈیا پر شروع کی گئی مہم سوشل بائیکاٹ آف چلڈرن ایمپلائرز کا حصہ بنیں جبکہ گھریلو ملازمین بچوں بارے چائلڈ ہیلپ لائن 1121 پر اطلاع دیں

بقیہ 54

لئے مراسلہ جاری کر دیا ہے۔ تمام اراکین اسمبلی سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ صوبائی اسمبلی کی تحلیل کے 15 دن بعد سرکاری رہائش گاہوں کو خالی کرنے کی غرض سے اپنی رہائش کا مناسب انتظام کرلیں، بلوچستان اسمبلی کے سٹیٹ افسر عبدالحنان کی جانب سے اراکین اسمبلی کے نام جاری مراسلہ میں کہا گیا ہے کہ عام انتخابات کے ضمن میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے کسی بھی سرکاری واجبات کے ضمن میں نادہندگان اراکین اسمبلی کی فہرست طلب کی ہے لہذا تمام اراکین اسمبلی 12 اگست تک اپنے ذمہ سرکاری واجبات کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔ بلوچستان اسمبلی سیکرٹریٹ کے مراسلہ میں اپوزیشن لیڈر و ڈپٹی لیڈر سمیت تمام قائمہ کمیٹیوں کے اراکین سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنے زیر استعمال سرکاری گاڑیوں کی درست حالت میں واپسی کر کے این او سی کے حصول کے لئے اسمبلی سٹاف سے تعاون کریں۔

بقیہ 55

نکلنے پر 8 ماہ بعد خیبر پختونخوا نگران کابینہ کے سیاسی ہونے کا خیال آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نگراں حکومت خیبر پختونخوا کی تاریخ کی بدترین، نااہل اور کرپٹ حکومت تھی، نگراں کابینہ کو پی ٹی آئی ختم کرنے کے لئے لایا گیا مگر یہ خود ہی ختم ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ نگراں کابینہ کے تمام اقدامات غیر آئینی و غیر قانونی تھے جنہیں کالعدم قرار دیا جائے

بقیہ 56

۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے استدعا کی کہ اس ضمانت کو ملتوی کر دیا جائے، انہوں نے کہا کہ قانونی نکتے پر تحقیق کرنے کے لیے 3 دن کا وقت ملا، عدالت یا پراسیکیوٹر مزید مہلت دینے کی مخالفت کرتے ہیں تو دلائل دے دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین تحریک انصاف کی تکنیکی بنیادوں عبوری ضمانت منسوخ نہ کی جائے، انہوں نے یہ بھی کہا کہ عدالتی حکم پر حراستی اور سزا یافتہ ملزمان روزانہ پیش کیے جاتے ہیں، درخواست گزار کو بھی جیل سے طلب کر لیا جائے۔ فاضل جج نے یہ دلائل سن کر کہا کہ سزا یافتہ نہیں پیش ہوتے۔ بیرسٹر سلمان صفدر نے کہا کہ میں چاہتا ہوں 50 اوور پروسیکوشن اور ڈیفنس سائڈ کو برابر کھیلنے کا موقع دیا جائے

بقیہ 57

کے لیے مقرر کر دی۔ عدالت عظمٰی میں چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت سماعت کے لیے مقرر ہوگئی۔ جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں سپریم کورٹ کا 3 رکنی بینچ 16 اگست کو درخواست پر سماعت کرے گا۔ یاد رہے کہ چوہدری پرویز الٰہی نے 17 جولائی کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی تھی

بقیہ 58

، شکر گڑھ، لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، منڈی بہاالدین میں تیز بارش کے امکانات ہیں جبکہ راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، مری اور گلیات میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ دوسری جانب دریاں کی صورتحال پر ترجمان کی جانب سے بتایا گیا کہ پنجاب کے دریائے چناب، راوی، جہلم اور ستلج میں پانی کا بہا معمول کے مطابق ہے۔ دریائے سندھ میں تونسہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے اور تربیلا اور منگلا ڈیم 95 فیصد پانی سے بھر چکے ہیں۔

بقیہ 59

سیاحتی مقامات کی خوبصورتی میں مزید نکھار آ گیا ہے۔ طلسم آمیز سیاحتی مقام بابوسر ٹاپ، اطراف کے خوبصورت میڈوز اور ان میں موجود حسین جھیلوں کی چکا چوند خوبصورتی کو بادلوں نے گھیر کر مزید پرکشش بنا دیا ہے۔ چار سو پھیلی جنت نظیر سیرگاہ پر بادلوں کی آوارہ گردی کا منظر سیاحوں کو مخبوط الحواس کر رہا ہے۔ دور دراز سے آئے سیاح وقت اور منزل کی فکر سے آزاد ہو کر یہیں پر جھولا ڈال دیتے ہیں۔ مسحور کن مناظر سے مالا مال درہ بابوسر تک کا سفر اور سخت موسم سیاحوں کے لئے کسی ایڈونچر سے کم نہیں ہوتا ہے۔ اس کے باوجود سیاح اس علاقے کا طلسم پانے اس کے ہر ظلم کو سہتے دکھائی دیتے ہیں۔ بابوسر ٹاپ اور اس کے اطراف کی خوبصورتی دیکھ کر یہاں آنے والے ہر سیاح کی یہی دعا ہے کہ پاکستان کا امن اور حسن سدا برقرار رہے۔

بقیہ 60

اڈیالہ جیل حکام کو بھیج دی گئی ہے۔ عدالت نے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے 9 مئی واقعات کے بعد گرفتار کئے گئے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا ہے، کارکنان کی رہائی کا حکم 3 ایم پی او آرڈر معطل کر کے جاری کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے رہائی کے لئے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی فہرست اڈیالہ جیل حکام کو بھیج دی گئی ہے۔

بقیہ 61

بابر ستار نے سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے وکیل شیر افضل مروت عدالت میں پیش ہوئے۔ صباحت گلزار خان نے درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ پولیس کی وردی میں ملبوس افراد نے گھر میں گھس کر بیٹی کو بندوق کی نوک پر اغواء کیا، ایس ایچ او بنی گالہ کو شکایت کی لیکن کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ والد کی جانب سے استدعا کی گئی ہے کہ شاندانہ گلزار کسی کیس میں ملوث نہیں تو انہیں فی الفور رہا کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔ بعد ازاں عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے درخواست پر سماعت 15 اگست تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 62

رپورٹ چھ ماہ کے اندر پیش کریں، سپریم کورٹ کے کوکب اقبال کیس کے فیصلے پر عملدرآمد کیا جائے، آرٹیکل 189 کے تحت سپریم کورٹ کا فیصلہ ملک بھر کے اداروں، محکموں، سرکاری و نجی تنظیموں پر لاگو ہوتا ہے، عدالت عظمٰی نے وفاقی، صوبائی حکومتوں کو تمام قوانین کا تین ماہ میں اردو زبان میں ترجمہ کرنے کا حکم دیا ہے، وفاقی صوبائی حکومتیں رسم الخط کے معاملے پر باہم تعاون کریں، حکومت اپنی دی گئی ٹائم لائن کی جزئیات پر عملدرآمد کو یقینی بنائے، فیصلے میں کہا گیا ہے کہ وفاقی صوبائی مقابلے کے امتحانات اردو زبان میں لینے کیلئے عملدرآمد میں تاخیر نہ کی جائے، اردو زبان کا نفاذ آئین کے آرٹیکل 251 پر عملدرآمد کا

بقیہ 63

گرانفروشی پر متعدد دکانداروں کو گرفتار کر لیا۔ اے اے سی انجینئر مصباح وحید کے مطابق ان گرفتار دکانداروں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

بقیہ 64

جاری رکھیں گے۔ اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے بہن بھائیوں کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی دستور ساز اسمبلی کے اجلاس سے تاریخ ساز خطاب کے پس منظر میں سابق صدر آصف علی زرداری نے 11 اگست کو پاکستان میں اقلیتوں کا قومی دن منانے کا اعلان کیا تھا۔ اس دن کو منانے کا مقصد پاکستان میں اقلیتوں کی قربانیوں، اہمیت اور ملکی ترقی میں شرکت داری کو تسلیم کرنا ہے۔ یہ پیپلز پارٹی کی رواداری، احترام اور تمام شہریوں کے مساوی حقوق کے عزم اور وژن کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ 65

ساتھ مل کر لڑکی کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا، جبکہ 26 جولائی کو ملزمان نے زیادتی کی وڈیو بھی وائرل کر دی تھی

بقیہ 66

کو پیٹرول فراہم نہیں کیا جارہا، لاہور میں ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل سواروں کو پیٹرول فروخت کرنے پر پابندی لگائی گئی تھی۔ چیف ٹریفک آفیسر کی درخواست پر ڈپٹی کمشنر لاہور نے نوٹیفکیشن کیا گیا تھا۔ نوٹیفکیشن 1965 کے موٹر وہیکل آرڈیننس کے تحت جاری کیا گیا

پنجاب میں جشن آزادی کی تقریبات کو حتمی شکل دے دی گئی، نگران وزیر اعلیٰ پنجاب

پاکستان اسلاف کی قربانیوں کا ثمر، آزادی کے لئے مسلمانوں نے آگ و خون کے دریا عبور کیے، محسن نقوی

پاکستان ہمارے اسلاف کی قربانیوں کا ثمر ہے، آزادی کے لئے مسلمانوں نے آگ و خون کے دریا عبور کیے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب میں جشن آزادی کی تقریبات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق نگراں وزیراعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں جشن آزادی تقریبات کے انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی، 13 اگست کی رات 12 بجے آتش بازی اور 14 اگست کی صبح بیک وقت تمام ڈویژنل و ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز میں پرچم کشائی ہوگی۔ 14 اگست کی شام عوام کے لئے خصوصی تقریبات میں ملی نغمے اور ترانے پیش کئے جائیں گے جبکہ پنجاب بھر میں تمام سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغاں کیا جائے گا اور تمام شہروں کے نمایاں مقامات پر قومی پرچم آویزاں کیے جائیں گے۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں گلوکار راحت فتح علی خان اپنے فن کا مظاہرہ کریں گے، حضوری باغ میں صبح 8 بجے پرچم کشائی کی تقریب ہوگی جبکہ مینار پاکستان و دیگر مقامات پر آتش (3بقیہ نمبر 33)



اسلام آباد: وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے خوبصورت مناظر

ڈیڑھ سالہ حکومت میں نہ کسی پر کیس بنایا نہ پابند سلاسل کیا، عطا تارڑ

عطا تارڑ نے کہا کہ توشہ خانہ کا ٹرائل کئی مہینے التوا کا شکار رہا، ڈیڑھ سال کوشش رہی کہ کسی کو سیاسی انتقام کا نشانہ نہ بنایا جائے

سائفر کے معاملے پر من گھڑت اور جھوٹی کہانیاں زبان زد عام کی گئیں، سائفر کے معاملے پر پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ڈیڑھ سال میں نہ کسی پر کیس بنایا نہ کسی کو پابند سلاسل کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے لیگی رہنما عطا تارڑ نے کہا کہ توشہ خانہ کا ٹرائل کئی مہینے التوا کا شکار رہا، ڈیڑھ سال کوشش رہی کہ کسی کو سیاسی انتقام کا نشانہ نہ بنایا جائے، سائفر کے معاملے پر من گھڑت اور جھوٹی کہانیاں زبان زد عام کی گئیں، سائفر کے معاملے پر پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ توشہ خانہ کے تحائف کو بلیک مارکیٹ میں بیچا گیا، توشہ خانہ کے تحائف کو اثاثوں میں ظاہر نہیں کیا گیا، کیا وجہ ہے آج ایک جج کیخلاف بیرون ملک مہم چلائی جارہی ہے، یہ پاکستان کا قانون ہے، اس کا سامنا تو کرنا پڑے گا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ ارسلان بیٹا سے شروع ہونے (3بقیہ نمبر 32)



لاہور: امیر جماعت اسلامی اور سینیٹر سراج الحق میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

اتحادی کا فائدہ بھی ہوتا ہے اور نقصان بھی؛ احسن اقبال

آئین الیکشن کمیشن کو حلقہ بندیوں کیلئے 4 ماہ کی مہلت دیتا ہے

میری رائے یہ کہ الیکشن فروری 2024 تک ہو جانا چاہیے، سابق وفاقی وزیر

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) سابق وفاقی وزیر اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما احسن اقبال کا کہنا ہے کہ اتحادی کا فائدہ بھی ہوتا ہے اور نقصان بھی، آئین میں ہے کہ اگر مردم شماری نوٹیفائی ہو جائے تو الیکشن اس کے مطابق ہونا چاہیے۔ حلقہ بندیوں کیلئے الیکشن کمیشن کو 54 دن کا مزید وقت درکار ہوگا۔ الیکشن کمیشن پر لازم ہے کہ وہ نئی مردم شماری کے مطابق حلقہ بندیاں شروع کرے، الیکشن نئی حلقہ بندیاں کے مطابق انتخابات کا اعلان کرے۔ احسن اقبال مزید کہا کہ آئین الیکشن کمیشن کو حلقہ بندیوں (3بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی سے کراچی جانے والی ٹرین دو حصوں میں تقسیم ہوگئی

رفتار کم ہونے کی وجہ سے تیز گام ایکسپریس بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی

پشاور سے کراچی جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس کی بوگیاں کوٹری سٹیشن کے قریب الگ ہوگئیں

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی سے کراچی جانے والی تیز گام ایکسپریس بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کراچی آنے والی ٹرین دو حصوں میں تقسیم ہوگئی۔ بوگیوں کو آپس میں جوڑنے والے کمپلنگ ٹوٹنے سے ٹرین دو حصوں میں تقسیم ہوئی۔ ٹرین کی رفتار کم تھی جس وجہ سے بڑا حادثہ پیش نہیں آیا۔ ٹرین کو دوبارہ جوڑنے کے بعد کراچی کینٹ سٹیشن کی جانب سے روانہ کر دیا گیا۔ 09 فروری 2023ء کو بھی پشاور سے کراچی جانے والی علامہ اقبال ایکسپریس کوٹری میں (3بقیہ نمبر 35)

کراچی: آج ہی گورنر کو اسمبلی تحلیل کرنے کی سمری بھیج دوں گا: وزیراعلیٰ سندھ

ریل پلیٹس چوری، عوام نے مہر ایکسپریس کو حادثے سے بچالیا

غفلت برتنے پر عوام کا ٹرین میں گشت پر مامور ریلوے پولیس کانسٹیبل پر تشدد

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) محمود کوٹ اسٹیشن کے قریب ریل پلیٹس چوری کرلی گئیں اور خوش قسمتی سے راولپنڈی سے ملتان جانے والی مہر ایکسپریس حادثے سے بچ گئی۔ محمود کوٹ اسٹیشن کے قریب ریل پلیٹس چوری کرلی گئیں، اور کوٹ ادو میں راولپنڈی سے ملتان جانے والی مہر ایکسپریس حادثے سے بال بال بچ گئی۔ مقامی افراد نے چوری کے الزام میں دو مشتبہ افراد کو پکڑ کر درگت بنادی، اور ملتان جانے والی ٹرین کو حادثے سے بچانے کے لئے روک لیا۔ عوام نے غفلت برتنے پر ٹرین میں گشت (3بقیہ نمبر 40)

خصوصی عدالت، پانچ مقدمات میں چیئرمین پی ٹی آئی کی حاضری معافی کی درخواست مسترد، عبوری ضمانتیں خارج

لاہور (جنرل رپورٹر) لاہور کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے جناح ہاؤس پر حملے سمیت پانچ مقدمات میں چیئرمین پی ٹی آئی کی حاضری معافی کی درخواست مسترد اور عدم پیروی کی بنیاد پر عبوری ضمانتیں خارج کر دیں۔ انسداد دہشت گردی (3بقیہ نمبر 39)

بشریٰ بی بی کی مبینہ ڈائری کا معاملہ، وکلاء کا قانونی کارروائی کا فیصلہ

قانونی ٹیم کی طرف سے کسی ڈائری کی گمشدگی رپورٹ ہی نہیں کی گئی

یہ خبر چلانے والے تمام میڈیا ہاؤسز کے خلاف کارروائی کریں گے، انتظار حسین

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کے وکلاء نے بشریٰ بی بی کی مبینہ ڈائری کے حوالے سے رپورٹ کرنے والے ٹی وی چینلز کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا فیصلہ کیا ہے۔ بعض ٹی وی چینلز کی جانب سے رپورٹ کیا گیا تھا کہ بشریٰ بی بی کی ایک ڈائری سامنے آئی ہے جس سے واضح ہوتا ہے کہ عمران خان تمام کام اہلیہ کے مشوروں سے کرتے تھے۔ ڈائری کے مطابق عمران خان بشریٰ بی بی کے احکامات پر چلتے تھے۔ میڈیا رپورٹس میں یہ بھی دعویٰ کیا گیا کہ بشریٰ بی بی عمران خان کو بتاتی تھیں کہ پی ٹی آئی کی سیاسی حکمت عملی کس وقت اور کیا ہو گی۔ کون کیسے عدلیہ، فوج اور حکومت پر پریشر ڈالے گا؟۔ اگر گورنر راج لگائیں تو قانونی ٹیم اور شہر بند کرنے کی تیاری اور پہیہ جام ہڑتال کی جائے۔ مبینہ ڈائری میں کہا گیا کہ بہتر یہ ہے کہ بڑے بڑے وکیلوں سے بیان دلوائیں، بس ایک پریشر رکھنا ہے۔ اس کے علاوہ ڈائری میں عمران خان کے کھانے پینے کے حوالے سے بھی احکامات جاری (3بقیہ نمبر 38)

ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر تقریبات کا انعقاد کیا گیا

وہاڑی (نیوز رپورٹر) بلدیہ وہاڑی میں ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ نے تقریبات کی صدارت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ نے کہا کہ تعلیم اور صحت کے شعبہ میں مسیحی برادری کی گرانقدر خدمات ہیں پاکستان (3بقیہ نمبر 37)

5 افراد کے قتل میں ملوث ملزم لاہور ایئر پورٹ سے گرفتار

پنجاب پولیس نے کامیاب کارروائی میں ملزم کو لاہور ایئر پورٹ سے گرفتار کیا

لاہور (جنرل رپورٹر) 5 افراد کے قتل میں ملوث ملزم لاہور ایئر پورٹ سے گرفتار ملزم کو متحدہ عرب امارات روانگی سے قبل دوران چیکنگ گرفتار کیا گیا۔ پنجاب پولیس کی جانب سے سنگین جرائم میں ملوث بیرون ملک مفرور اشتہاری ملزمان کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے، اور ایک کارروائی میں پولیس نے 5 افراد کے قتل کے مقدمہ میں مطلوب خطرناک اشتہاری عنایت اللہ کو بیرون ملک فرار ہونے سے پہلے ہی گرفتار کرلیا۔ پنجاب پولیس نے کامیاب کارروائی میں ملزم کو لاہور ایئر پورٹ (3بقیہ نمبر 36)

دفتر محتسب پنجاب، شکایت کنندگان کو ساڑھے 3 کروڑ روپے کا مالی ریلیف فراہم

لاہور (نیوز رپورٹر) دفتر محتسب پنجاب نے مختلف اضلاع کے شکایت کنندگان کی درخواستوں کا فیصلہ کرتے ہوئے انہیں متعلقہ سرکاری اداروں سے 3 کروڑ 52 لاکھ 37 ہزار 299 روپے کا مجموعی ریلیف دلوایا ہے۔ جمعہ کو یہاں جاری ایک بیان میں ترجمان دفتر محتسب پنجاب نے بتایا کہ تعلیمی وظائف کے حصول کے خواہش مند افراد کو 6 لاکھ 72 ہزار روپے کی رقوم کے اجرا کے علاوہ دفتر محتسب پنجاب کے مختلف احکامات پر متعلقہ افراد کو 3 لاکھ روپے کی ادائیگی کی گئی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ محتسب آفس کی مداخلت پر مختلف شکایت کنندگان کو 19 لاکھ 60 ہزار روپے بطور میرج گرانٹ، فیملی پنشن کی مد میں (3بقیہ نمبر 42)

یوم آزادی پر 40 کروڑ کے جھنڈے کیخلاف درخواست خارج

ہائیکورٹ نے دلائل سننے کے بعد درخواست قبل از وقت قرار دیتے ہوئے خارج کی

حکومت عوام کو ریلیف دینے کی بجائے کروڑوں روپے جھنڈے پر خرچ کر رہی ہے

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب حکومت کی جانب سے 40 کروڑ روپے کا جھنڈا تیار کرنے کے خلاف درخواست قبل از وقت قرار دیتے ہوئے خارج کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے شہری عامر سہیل کی درخواست پر سماعت کی جس میں نگران حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ غریب ملک کے لوگ بھوک سے خودکشیاں کر رہے ہیں جبکہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کی بجائے کروڑوں روپے جھنڈے پر خرچ کر رہی ہے۔ درخواست کے متن میں عدالت سے اس جھنڈے کی تیاری روکنے کا حکم دینے کی استدعا کرتے ہوئے مزید کہا گیا کہ بھارت سے مقابلہ معیشت بہتر بنانے میں کیا جائے، بڑا جھنڈا بنانے سے ملک ترقی یافتہ نہیں بنے گا۔ سیکرٹری سروسز پنجاب کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ پنجاب حکومت جھنڈا لہرانے پر 40 کروڑ روپے خرچ نہیں کر رہی، وفاقی حکومت نے بھی اس حوالے سے فنڈز جاری نہیں کیے۔ دلائل سننے کے بعد عدالت نے درخواست قبل از وقت قرار دے کر خارج کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس راحیل کامران شیخ نے شہری عامر سہیل کی درخواست پر سماعت کی جس میں نگران حکومت سمیت دیگر کو (3بقیہ نمبر 41)

آئین میں تمام اقلیتی برادریوں کیلئے مکمل تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے، وزیراعلیٰ سندھ

چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں سندھ حکومت نے اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بنایا ہے؛ سید مراد علی شاہ

انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں سندھ حکومت نے اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بنایا ہے

کراچی (خصوصی رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کی پاسداری کی ہے، رواداری، باہمی احترام اور بلاامتیاز انسانی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا ہے، آئین پاکستان میں تمام اقلیتی برادریوں کیلئے مکمل تحفظ کی ضمانت دی گئی ہے، اقلیتی برادری ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقلیتوں کے حقوق کے قومی دن کے موقع اپنے پیغام میں کیا ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ اقلیتوں کو بنیادی حقوق اور ان کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری (3بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: ڈیڑھ سالہ حکومت میں نہ کسی پر کیس بنایا نہ پابند سلاسل کیا، عطا تارڑ

انسداد پولیو کے حوالے سے چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ کی زیر صدارت ''صوبائی ٹاسک فورس'' کا اہم اجلاس

ڈیرہ اسماعیل خان (نیوز رپورٹر) انسداد پولیو کے حوالے سے چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ ندیم اسلم چوہدری کی زیر صدارت ''صوبائی ٹاسک فورس'' کا اہم اجلاس ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں کمشنر ڈیرہ ظفر الاسلام اور ڈپٹی کمشنر ڈیرہ منصور ارشد سمیت دیگر ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ٹانک، جنوبی وزیرستان اپر لوئرز کے ڈپٹی کمشنرز نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں (3بقیہ نمبر 44)

بلوچستان کی 11 ویں صوبائی اسمبلی کے 5 سال مکمل ہوگئے، سیکرٹری صوبائی اسمبلی طاہر شاہ

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) بلوچستان کی 11 ویں صوبائی اسمبلی کے 5 سال مکمل ہوگئے، سیکرٹری صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کے مطابق 74 دنوں میں 96 بل، 61 سرکاری 135 غیر سرکاری قراردادیں پاس کی گئیں جبکہ 521 سوالات ڈسپوز اپ کیے گئے، 87 توجہ دلاؤ نوٹسز اور 36 تحاریک التوا پیش کی گئیں۔ بلوچستان کی 11 ویں صوبائی اسمبلی کا پہلا سیشن 13 اگست 2018 کو ہوا اسمبلی کی گزشتہ 5 سال کے (3بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد: یوم آزادی پر ہارن اور باجے کے استعمال پر پابندی عائد

ضلعی انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ اور رولرز ون کی مختلف علاقوں میں کارروائیاں بھی کی گئیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں یوم آزادی کے موقع پر ہارن اور باجے کے استعمال پر پابندی عائد کردی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق 14 اگست کے موقع پر اسلام آباد میں ہارن اور باجے کے استعمال پابندی ہوگی، سڑکوں پر ہارن اور باجے بجانے پر دفعہ 144 کا نفاذ کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ خلاف ورزی پر سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ضلعی انتظامیہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ اور رولرز ون کی مختلف علاقوں میں کارروائیاں بھی کی گئیں اور سٹالز پر سینکڑوں ہارن اور باجے قبضے میں لے لیے گئے۔ ضلعی انتظامیہ نے سٹالز مالکان پر بھاری جرمانے بھی عائد کیے ہیں۔

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے زیر اہتمام پاکستان کے معروف اداکار شکیل (یوسف کمال) کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ، معروف اداکار مصطفیٰ قریشی، بشریٰ انصاری، راجو جمیل، ساجد حسن، ظہیر خان، ہمامیر، اقبال لطیف، اہلیہ شکیل، حرا شکیل، حیدر شکیل، احتشام الدین، امجد شاہ، قاسم جلالی، اداکارہ ماہین اور بختیار احمد اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے

5 سال جھوٹے وعدوں اور طفل تسلیوں پر گزر گئے، دو حکومتیں کچھ نہیں کر سکیں، عبدالعلیم خان

بدقسمتی سے اسمبلی عوامی توقعات پر پورا نہیں اتر سکی، مہنگائی بے قابو، عام آدمی پس کر رہ گیا' صدر آئی پی پی

انہوں نے قومی اسمبلی کی تحلیل اور سیاسی صورتحال پر اپنے ردعمل میں کہا کہ بدقسمتی سے یہ اسمبلی عوامی توقعات پر پورا نہیں اتر سکی

مہنگائی بے قابو، عام آدمی پس کر رہ گیا، مسائل میں مزید اضافہ ہوا۔ روزمرہ کی اشیا، بجلی کے بل اور پٹرول کی قیمتیں لوگوں کی پہنچ سے باہر ہو چکیں

لاہور (نامہ نگار) استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پانچ سال جھوٹے وعدوں اور طفل تسلیوں پر گزر گئے، دو حکومتیں کچھ نہیں کر سکیں، لوگوں کے حالات میں رتی برابر بہتری نہیں آ سکی، ساڑھے تین برس نام نہاد تبدیلی اور ڈیڑھ سال دعووں کی نذر ہوگئے۔ انہوں نے قومی اسمبلی کی تحلیل اور سیاسی صورتحال پر اپنے ردعمل میں کہا کہ بدقسمتی سے یہ اسمبلی عوامی توقعات پر پورا نہیں اتر سکی، مہنگائی بے قابو، عام آدمی پس کر رہ گیا، مسائل میں مزید اضافہ ہوا۔ روزمرہ کی اشیا، بجلی کے بل اور پٹرول کی قیمتیں لوگوں کی پہنچ سے باہر ہو چکیں۔ عبدالعلیم خان کا مزید کہنا تھا کہ وزرا اور ارکان اسمبلی بھی اس جانے والی اسمبلی سے ہرگز مطمئن نظر نہیں آئے، آبادی میں اضافہ اور وسائل میں کمی ہوئی، خرابی کی ذمہ داری سب کو لینا ہوگی۔ صدر آئی پی پی نے کہا کہ یوتھ کو سوالوں کے جواب نہ ملے تو ملک آگے نہیں چل سکے گا، صرف الیکشن مسائل کا حل نہیں، انتخابی عمل کو شفاف اور قابل قبول بنانا ہوگا۔ اقوام عالم میں پاکستان (3بقیہ نمبر 50)

بھکر میں جشن آزادی کے پرمسرت موقع پر تقریبات کا آغاز

آزادی کی انتھک جدوجہد میں مردوں کیساتھ ساتھ خواتین نے بھی اپنا نمایاں کردار ادا کیا

بھکر (نیوز رپورٹر) بھکر میں جشن آزادی کے پرمسرت موقع پر رنگارنگ تقریبات کا سے باقاعدہ طور پر آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ضلعی دفتر صنعت زار میں یوم پاکستان کے حوالہ سے خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان تھے۔ اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزادی رب کریم کی ایک بڑی نعمت ہے جس کے حصول کیلئے ہمارے (3بقیہ نمبر 46)

نوبزادہ شاہ زین بگٹی، سرائیکی، رہنما ظہور دھریجہ اور خواجہ شعیب الحسن سے گفتگو کرتے ہوئے

سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی پر ایس پی مدینہ ٹاؤن کا نائب ریڈر معطل

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) سوشل میڈیا پالیسی کی خلاف ورزی پر ایس پی مدینہ ٹاؤن کا نائب ریڈر معطل، محکمانہ کارروائی شروع کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ایس پی مدینہ ٹاؤن کے (3بقیہ نمبر 47)

ڈپٹی کمشنر کولئی پالس کی زیر صدارت اجلاس، یوم آزادی شایان شان طریقے سے منانے کا فیصلہ

ایبٹ آباد (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کولئی پالس کوہستان حکمت اللہ وزیر کی زیر صدارت یوم آزادی کے حوالے سے جلاس منعقد ہوا، جس میں انتظامی افسران ومتعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یوم آزادی شایان شان طریقے سے منایا جائیگا، 14 اگست کو پرچم کشائی کے بعد آٹھویں تا دسویں جماعت (3بقیہ نمبر 48)

ڈی ایس پیز (انویسٹی گیشن) کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس

سی سی پی او لاہور کا زیر التوا روڈ سرٹیفکیٹس، مقدمات کو جلد نمٹانے کا حکم

لاہور (نیوز رپورٹر) کیپٹل سٹی پولیس آفیسر (سی سی پی او) لاہور بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت ڈی ایس پیز (انویسٹی گیشن) کی کارکردگی بارے اجلاس منعقد ہوا جس میں زیر التوا روڈ سرٹیفکیٹس، زیر تفتیش مقدمات اور ملزمان کے حوالے سے کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان کے مطابق سی سی پی او نے غیر تسلی بخش کارکردگی پر ڈی ایس پی (انوسٹی گیشن) رائے ونڈ اور ٹاؤن شپ کی تنبیہ اور کارکردگی کو بہتر بنانے کی ہدایت کی جبکہ اچھی کارکردگی پر ڈی ایس پی (انوسٹی گیشن) شاہدرہ اور کاہنہ کو شاباش دی۔ سی سی پی او نے کہا کہ فرائض میں غفلت قابل قبول نہیں۔ محنتی اور قابل افسران محکمے کا اثاثہ ہیں۔ سی سی پی او لاہور نے زیر التوا روڈ سرٹیفکیٹس اور زیر تفتیش مقدمات کو جلد نمٹانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ مقدمات کو زیر التوا نہ رکھا جائے اور ایک ماہ سے پرانے نامزد مقدمات فوری نمٹایا جائیں نیز جائیدادوں سے متعلق مقدمات کی تفتیش کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ملزمان کو سزا دلوانے کے لیے (3بقیہ نمبر 49)

پنجاب میں 13 سے 16 اگست تک شدید بارشیں متوقع ہیں، پی ڈی ایم اے

پنجاب کے بیشتر اضلاع میں ان دنوں شدید گرمی پڑ رہی ہے جہاں آئندہ دنوں میں بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے

صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب کے بیشتر اضلاع میں ان دنوں شدید گرمی پڑ رہی ہے جہاں آئندہ دنوں میں بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ترجمان کے مطابق پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور مرطوب رہے گا جبکہ صوبے میں 13 سے 16 اگست تک مون سون بارشوں کے امکانات ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق سیالکوٹ، نارووال، شکرگڑھ، لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، منڈی بہاالدین میں تیز بارش کے امکانات ہیں جبکہ راولپنڈی، اٹک، جہلم، چکوال، مری اور گلیات میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ دوسری جانب دریاں کی صورتحال پر ترجمان کی جانب سے بتایا گیا کہ پنجاب کے دریائے چناب، راوی، جہلم اور ستلج میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ دریائے سندھ میں تونسہ کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب ہے اور تربیلا اور منگلا ڈیم 95 فیصد پانی سے بھر چکے ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق سیالکوٹ، نارووال (3بقیہ نمبر 58)

بارشوں کے بعد دلفریب مناظر دیکھنے کیلئے سیاح بابوسر ٹاپ پہنچ گئے

دیامر (نیوز رپورٹر) مون سون بارشوں کے بعد بابوسر ٹاپ اور اطراف کے میڈوز میں بادل آوارہ گردی کر رہے ہیں، سیاح ان دلفریب مناظر سے لطف اٹھانے مشکل پہاڑی راستوں پر سفر کر کے بابوسر ٹاپ پہنچ رہے ہیں۔ دیامر کے (3بقیہ نمبر 59)

سپریم کورٹ میں چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت سماعت کیلیے مقرر

جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ 16 اگست کو سماعت کرے گا

چوہدری پرویز الٰہی نے 17 جولائی کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی تھی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت سماعت کے لیے مقرر کردی۔ عدالت عظمٰی میں چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت سماعت کے لیے مقرر ہوگئی۔ جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں سپریم کورٹ کا 3 رکنی بینچ 16 اگست کو درخواست پر سماعت کرے گا۔ یاد رہے کہ چوہدری پرویز الٰہی نے 17 جولائی کا فیصلہ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی تھی۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کی درخواست ضمانت سماعت (3بقیہ نمبر 57)

چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کا سوشل میڈیا پر سوشل بائیکاٹ آف چلڈرن ایمپلائرز مہم کا آغاز

لاہور (اسپیشل رپورٹر) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو سارہ احمد نے سوشل میڈیا پر سوشل بائیکاٹ آف چلڈرن ایمپلائرز مہم کا آغاز کردیا۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ ہم نے بچوں کو بطور گھریلو ملازم رکھنے والوں کے خلاف باقاعدہ مہم چلائی ہے جس میں سب کو بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بچوں کو گھروں میں (3بقیہ نمبر 53)

فیصل آباد، ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی 160 سے زائد وارداتیں

لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان، موبائل فونز وغیرہ چھین لئے گئے

موبائل فونز وغیرہ چھین لئے جبکہ درجنوں افراد کو موٹر سائیکلوں سے محروم کر دیا

فیصل آباد (کرائم رپورٹر) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، گزشتہ 24 گھنٹوں میں 160 سے زائد مقامات پر وارداتیں، وارداتوں کے دوران ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ نے لاکھوں کے زیورات، نقدی، قیمتی سامان، موبائل فونز وغیرہ چھین لئے جبکہ درجنوں افراد کو موٹر سائیکلوں سے محروم کر دیا، نہتے شہری جگہ جگہ لٹتے رہے، پولیس خاموش تماشائی کا کردار ادا کرتی رہی، آئے روز بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث شہری عدم تحفظ کا شکار ہوگئے، پولیس بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث شہر بھر میں گشت کرنے کی بجائے تھانوں تک محدود ہو کر رہ گئی۔ تفصیل کے مطابق (3بقیہ نمبر 51)

شیخ حسینہ لذیذ آم بھجوانے پر وزیراعظم شہباز شریف کی مشکور

پاکستان سے آم بھیجنے پر آپ کی مشکور ہوں، آم بہت لذیذ ہیں، ہم خوب محظوظ ہوئے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) بنگلہ دیش کی وزیراعظم شیخ حسینہ نے پاکستان سے تحفے میں آم بھیجنے پر وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا ہے۔ شیخ حسینہ نے خط میں آموں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سے آم بھیجنے پر آپ کی مشکور ہوں، آم بہت لذیذ ہیں، ہم خوب محظوظ ہوئے۔ انہوں نے خط میں شہباز شریف کو دونوں ممالک کے درمیان تعاون سے ترقی پانے کی یقین دہانی بھی (3بقیہ نمبر 52)

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جپہ ای خدمت مرکز میں یوم آزادی کے سلسلہ میں منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

اراکین بلوچستان اسمبلی کو قابل ذمہ واجبات کی ادائیگی اور سرکاری گاڑیوں کی واپسی کے لیے مراسلہ جاری

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کے سٹیٹ افسر نے 12 اگست کو صوبائی اسمبلی کی آئینی مدت پوری ہونے سے قبل اراکین صوبائی اسمبلی کے زیر استعمال سرکاری رہائش گاہوں کے تمام واجبات کی ادائیگی اور سرکاری گاڑیوں کی واپسی کے (3بقیہ نمبر 54)

عوام کا کچومر نکلنے کے بعد الیکشن کمیشن کو خیبر پختونخوا نگران کابینہ کا خیال آیا، پی ٹی آئی

پشاور (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ عوام کا کچومر نکلنے کے بعد 8 ماہ بعد الیکشن کمیشن کو خیبر پختونخوا نگران کابینہ کے سیاسی ہونے کا خیال آیا۔ تفصیلات کے مطابق رہنماء پی ٹی آئی بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کو عوام کا کچومر (3بقیہ نمبر 55)

انسداد دہشت گردی عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی 7 مقدمات میں عبوری ضمانت کی درخواستیں مسترد کر دیں

لاہور (اسپیشل رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی جناح ہاؤس مقدمہ سمیت 7 مقدمات میں عبوری ضمانتیں مسترد کر دیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں جج اعجاز احمد بٹر نے سماعت کی، بطور اسپیشل پروسیکیوٹر سید فرہاد علی شاہ اور پی ٹی آئی کی جانب سے بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے (3بقیہ نمبر 56)

عدالت کا پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم

مئی واقعات کے بعد گرفتار کیے گئے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا ہے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) عدالت نے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے 9 مئی واقعات کے بعد گرفتار کیے گئے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا ہے، کارکنان کی رہائی کا حکم 3 ایم پی او آرڈر معطل کر کے جاری کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے رہائی کے لئے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی فہرست اڈیالہ جیل حکام کو بھیج دی گئی ہے۔ عدالت نے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ راولپنڈی بینچ نے 9 مئی واقعات کے بعد گرفتار کیے گئے 57 کارکنان کی رہائی کا حکم دے دیا ہے، کارکنان کی رہائی کا حکم 3 ایم پی او آرڈر معطل کر کے جاری کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے رہائی کے لئے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی فہرست اڈیالہ جیل حکام کو بھیج دی گئی ہے۔ کارکنان کی رہائی کا حکم 3 ایم پی او آرڈر معطل کر کے جاری کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے رہائی کے لئے پی ٹی آئی کے 57 کارکنان کی فہرست (3بقیہ نمبر 60)

2023
15 تا 17 اگست
صفائی مہم
14 اگست 2023
Cleanliness Drive
WSSC

ڈیرہ اسماعیل خان: ڈبلیو ایس ایس سی ڈیرہ کا 5 روزہ صفائی کا مہم کا آغاز

چیچہ وطنی، 7 سالہ بچی سے مبینہ جنسی زیادتی، ملزم گرفتار، مقدمہ درج

ملزم کے گھر والوں کی جانب سے صلح کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا ہے، اہل خانہ متاثرہ بچی

چیچہ وطنی (اسپیشل رپورٹر) چیچہ وطنی میں 7 سال کی بچی سے مبینہ جنسی زیادتی کا واقعہ پیش آیا، پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی ڈی این اے رپورٹ آنے کے بعد مزید کارروائی کی جائے گی۔ متاثرہ بچی کے اہل خانہ نے بتایا کہ ملزم کے گھر والوں کی جانب سے صلح کے لیے دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ دوسری جانب پولیس نے خوشاب میں لڑکی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کرنے والے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم نے 3 ساتھیوں کے (3بقیہ نمبر 65)

لاہور ہائیکورٹ نے ہیلمٹ کے بغیر پیٹرول نہ دینے کا جاری نوٹیفکیشن معطل کر دیا

نوٹیفکیشن میں تمام پٹرول پمپس مالکان کو ہدایت کی گئی کہ موٹر سائیکل سواروں کو ہیلمٹ کے بغیر پٹرول نہ دیا جائے

دیگر فریقین سے جواب طلب کرلیا محض نوٹیفکیشن کے ذریعے یہ پابندی کیسے لگائی جاسکتی ہے؟ ہائیکورٹ کے ریمارکس

لاہور (خصوصی رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ہیلمٹ کے بغیر پیٹرول نہ دینے کا جاری نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ میں ہیلمٹ کے بغیر موٹر سائیکل سواروں کو پیٹرول نہ دینے کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس راحیل کامران شیخ نے شہری کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے ہیلمٹ کے بغیر پیٹرول نہ دینے کا جاری نوٹیفکیشن معطل کر دیا، ہائیکورٹ نے ڈی سی لاہور اور آئی جی پنجاب سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ محض نوٹیفکیشن کے ذریعے یہ پابندی کیسے لگائی جا سکتی ہے، آپ آرٹیکل 18 کو کیسے معطل کر سکتے ہیں؟ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ ایسا کرنا آئین کے بنیادی حقوق کی نفی ہے، مناسب ہے کہ حکومت اس بارے قانون سازی کرے۔ ہیلمٹ کے بغیر پیٹرول نہ دینے کا کوئی قانون موجود نہیں، ڈی سی کا آرڈر خلاف قانون ہے۔ یاد رہے کہ پنجاب کے مختلف شہروں میں ہیلمٹ نہ پہننے والے موٹر سائیکل سواروں (3بقیہ نمبر 66)

شاندانہ گلزار کے اغواء کی درخواست پر فریقین سے جواب طلب

سابق رکن قومی اسمبلی شاندانہ گلزار کے مبینہ اغواء کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی

شاندانہ گلزار کسی کیس میں ملوث نہیں تو انہیں فی الفور رہا کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شاندانہ گلزار کے اغواء کی درخواست پر فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی سابق رکن قومی اسمبلی شاندانہ گلزار کے مبینہ اغواء کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی جس کے دوران اسلام آباد ہائیکورٹ نے فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ شاندانہ گلزار کے والد صباحت گلزار خان کی جانب سے پولیس کے ہاتھوں بیٹی کے مبینہ اغواء کیخلاف دائر درخواست میں آئی جی اسلام آباد پولیس، ڈی ایس پی بنی گالہ، ایس ایچ او بنی گالہ کو فریق بنایا گیا ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست کی سماعت جسٹس (3بقیہ نمبر 61)

ضلعی انتظامیہ پشاور کی کارروائی میں گراں فروشی پر متعدد دکاندار گرفتار

پشاور (نیوز رپورٹر) ڈپٹی کمشنر پشاور شاہ فہد کی ہدایت پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر انجینیئر مصباح وحید نے فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی افسران کے ہمراہ گلبہار کے علاقے میں بازاروں کا معائنہ کرتے ہوئے دودھ میں وافر مقدار میں پانی کی ملاوٹ کو پکڑا جبکہ صفائی کی ناقص صورتحال اور (3بقیہ نمبر 63)

قیام پاکستان سے اردو کا نفاذ یقینی بنانے کے مطالبہ پر توجہ نہیں دی

اردو زبان کے نفاذ کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیدیا

چوہنگ، رائیونڈ (جنرل رپورٹر) قیام پاکستان سے اردو کا نفاذ یقینی بنانے کے مطالبہ پر توجہ نہیں دی، لاہور ہائیکورٹ نے اردو کے نفاذ کا حکم، لاہور جسٹس رضا قریشی نے اردو زبان کے نفاذ کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کا حکم دیدیا، عدالت نے ڈاکٹر شریف نظامی کی درخواست پر قومی زبان اردو کے نفاذ کا فیصلہ انگریزی میں تحریر فیصلے میں کہا گیا ہے کہ متعلقہ ادارے فیصلے پر عملدرآمد کی (3بقیہ نمبر 62)

سماجی انصاف، مساوی حقوق اور پسماندہ طبقوں کو بااختیار بنانے کی کوششیں جاری رکھیں گے، سینیٹر شیری رحمان

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ ہم قائد اعظم محمد علی جناح اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے وژن کے مطابق سماجی انصاف، مساوی حقوق اور پسماندہ طبقوں کو بااختیار بنانے کیلئے اپنی کوششیں (3بقیہ نمبر 64)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035